کشف المحجوب کے ابواب کی تعداد تحقیق کے مطابق 40 ہے اور فصول کی تعداد بھی 40 ہے اس کے ساتھ کشف المحجوب میں مختلف عنوانات پر 16 کلام ہیں اور 11 کشف الحجابات اس کے علاوہ ہیں (۱۱) البتہ اکثر مترجمین و محققین نے اپنی سہولت اور مضامین کی زیادتی تفہیم کیلئے ابواب اور فصول متفرق تعداد قائم کی ہیں، ڈاکٹر محمد حسین تسبیحی کی تحقیق کے ساتھ انتشارات مرکز تحقیقات فارسی اور سمن پبلی کیشنز کا مشترکہ شائع شدہ اصل فارسی نسخہ کی فہرست سب سے جامع ہے جس میں ابواب، فصول اور شخصیات وغیرہ سمیت 235 عنوانات قائم کے گئے ہیں۔ ڈاکٹر محمد حسین تسبیحی نے اُس وقت تک دستیاب 59 فارسی نسخوں کی دستیابی کا ذکر کر کے 19 نسخوں کی روشنی میں اس تحقیقی نسخہ کی ترتیب کا ذکر کیا ہے (۱۲) یہ نسخہ بلاشبہ تحقیق کا عمدہ شاہکار ہے جسے ''فہارس ہشت گانہ'' یعنی آیات قرآنی، احادیث، مشہور اقوال و ادعیہ، اشعار، اصطلاحات عرفانی نیز کتب کے اسماء، شخصیات اور اماکن کی فہرست نے چار چاند لگا دیئے ہیں (۱۳) چھ متفرق قلمی نسخوں کی عکسی نقول آخر میں موجود ہیں جبکہ ۱۳۳۰ھ (غالبًا) کے قلمی نسخہ کا عکس کتاب کی ابتداء میں موجود ہے (۱۴) ہم ڈاکٹر محمد حسین تسبیحی کے تحقیق شدہ فارسی نسخہ کو بنیاد بنا کر کشف المحجوب کو اِس طرح بیان کریں گے کہ اولاً عنوان ذکر کریں گے اور عنوان کے ضمن میں اس بات کی وضاحت کریں گے کہ اس عنوان کے تحت کن مضامین کو بیان کیا گیا ہے اور قارئین کی

سہولت کیلئے اصل فارسی نسخہ کے صفحات نمبر بھی حوالہ کے لئے درج کریں گے تاکہ متعلقہ بحث کومطلوبہ صفحہ سے آسانی کے ساتھ تلاش کیا جاسکے۔

ابتدائی آٹھ صفحات بسم اللہ،اندرون ٹائٹل ،شمارہ ردیف نمبر،حضرت داتا گنج بخش علیہ الرحمۃ کی شان میں لکھی گئی حضرت ڈاکٹر محمد اقبال کی مشہور رباعی ،کتاب کی طباعتی تفصیل اورڈاکٹر محمد حسین تسبیحی کی طرف سے اپنے مقالہ کے استاذ اورمشرف محقق استاذ ڈاکٹر سید محمد اکرم شاہ کی خدمت میں عقیدت ومحبت بھرے الفاظ میں شکریہ پر مشتمل ہیں،جبکہ ان آٹھ میں سے دوصفحات خالی ہیں۔

اگلے تین صفحات الف ،با،جیم پر جناب علی ذوعلم کی تقریظ ہے،علی ذوعلم ۱۹۹۴ء میں 'مرکز تحقیقات فارسی ایران وپاکستان کے سرپرست تھے،آپ نے ''وددرجال شناسی وفرقہ شناسی عرفان و تصوف وشناخت اصول ومبانی آں،ازمآ خذ معتبراست''(۱۵) کہ کشف المحجوب شخصیات کے احوال ،تصوف وعرفان ،مختلف فرقوں کے بیان اورعرفان وتصوف کے بنیادی اصول ومبادیات کے جاننے میں ایک معتبر مآ خذ ہے، کہہ کرکشف المحجوب کے علمی وتحقیقی مرتبہ کوواضح کیا ہے۔

چھبیس صفحات پر پہلے'' پیش گفتار''میں سے آٹھ صفحات پر صاحب کشف المحجوب کے حالات ،چارصفحات پرکشف المحجوب کے مختصر مضامین کا تذکرہ،ایک صفحہ پرکشف المحجوب کی تالیف کی تاریخ کی بحث،تین صفحات پرمتعدد قلمی نسخوں اوران کے رموز کا بیان اوردس صفحات پرکشف المحجوب کے مضامین کے تفصیلی فہرست موجود ہے،ان تیس صفحات پرفارسی میں نمبردرج ہیں(۱۶)

کتاب کی ابتداءانتہائی فصیح وبلیغ خطبہ سے ہے،حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ نے خطبہ کے بعد چندکلمات ارشادفرمائے اورخطبہ کے بعدآنے والی سات فصلوں میں سے ہرایک فصل میں ان ارشادات میں سے ایک ایک ارشاد کی وضاحت اورمطلب بیان کیا گیاہے جبکہ آٹھویں فصل اصل موضوع کاابتدائیہ ہے

پہلی فصل میں اس بات کا بیان ہے کہ حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب کے شروع میں اپنانام کیوں تحریرفرمایاہے اوراس کی وجوہات کے بیان میں ایک مقصدخاص اورایک مقصد عام ذکرفرمایاہے۔دوسری فصل میں یہ بیان کیا گیاہے کہ کتاب کشف المحجوب لکھنے سے پہلے حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ نے جواستخارہ کیا اس استخارہ سے کیا مراد ہے اورآپ نے استخارہ کیوں کیا۔تیسری فصل میں آپ نے اس ارشادکی وضاحت فرمائی ہے کہ میں نے اس کتاب کولکھنے سے پہلے نفس کی اغراض سے اپنے دل کو پاک کرلیا اس کا کیا مطلب ہے۔ چوتھی فصل میں اپنے مرید صادق

ابوسعید ہجویری علیہ الرحمۃ ،جس کے سوال کرنے پر یہ کتاب لکھی گئی ،اس کے سوال کرنے اوراس کے جواب میں اس کام کیلئے اپنے آپ کو تیار کرنے کا ذکر کیا ہے۔پانچویں فصل میں کتاب کا نام کشف المحجوب رکھنے کی وجہ بیان کی گئی ہےاوراس کے ضمن میں حجاب کی دواقسام ،حجاب رَینی اورحجاب غَینی کی لطیف پیرائے میں مختصر مگر جامع وضاحت ہے۔چھٹی فصل میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ اس کتاب کے لکھنے سے(اے ابوسعید) تیری مراد اور تیرا مقصود تجھے حاصل ہو گیایعنی یہ کتاب تمہارے سوالات کے جوابات میں کامل اوراکمل ہے۔ساتویں فصل میں اللہ تعالی کی مدد سے توفیق طلب کرنے کی وجہ بیان کی گئی ہے۔اسی فصل کے آخر میں حضرت ابوسعید ہجویری کے سوال کومن وعن نقل کیا گیا ہے اور جواب شروع کرنے سے پہلے چند باتیں بطورتمہید ذکر کی گئی ہیں۔

آٹھویں فصل میں حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اسرار ربانی ،مشاہدات،لطائف ،امانات ،حجابات ،نفسانی خواہشات ،انسانی عادات ،طبائع کے اختلافات اورانسان کیلئے حجاب اکبر’’نفس امارہ‘‘پر کچھ کلام فرما کے کتاب کو باب اول سے شروع کیا ہے،گویا یہ سات فصلیں اصل موضوع کا مقدمہ اورآٹھویں فصل اصل کتاب کا ابتدائیہ ہے،جبکہ اصل کتاب کی ابتداء باب اول سے ہے۔(۱۷)

’’پہلا باب علم اوراثبات علم کے بارے ہے‘‘

اس باب میں چارفصلیں ہیں جن میں سے پہلی فصل’’علم کی اقسام‘‘کے بیان میں ہے اوردوسری فصل میں’’بندے کےعلم کی غرض وغایت‘‘کا بیان میں ہے نیز اسی فصل میں’’علم حقیقت اور علم شریعت کی تین تین اقسام‘‘ کا بیان ہے۔باب اول کی تیسری فصل میں’’ملحدوں کے ایک گروہ’’سوفسطائیوں‘‘اور کے عقائد باطلہ کو بیان کرنے کے بعدان عقائد کا مدلل رد‘‘ذکر کیا گیا ہے جبکہ چوتھی فصل میں علم کی تین اقسام’’علم من اللہ،علم مع اللہ،علم باللہ‘‘کی لطیف بحث ذکر کی گئی ہے۔(۱۸)

’’دوسراباب اثبات فقر کے بارے ہے‘‘

اس باب کی پہلی فصل’’فقروغناء‘‘کے بارے مشائخ کے اختلافات اور پھراس بارے ان کے متعدداقوال پر مشتمل ہے جبکہ دوسری فصل میں’’فقراورفقیر‘‘کے بارے مشائخ تصوف کے اقوال کا تفصیلی بیان ہے۔(۱۹)

’’تیسراباب تصوف کے بارے ہے‘‘

اس باب کی دوفصلوں میں سے پہلی فصل میں صوفی کی تعریف اوراس بارے صوفیہ کے متعدد

اقوال مبارکہ کا بیان ہے اور دوسری فصل ان اقوال کے تتمہ پر مشتمل ہے جو پہلی فصل میں بیان کئے گئے ہیں جبکہ اس باب کا اختتام ''رسم و خصلت'' کے باہمی فرق پر کیا گیا ہے۔(۲۰)

''چوتھا باب خرقہ پوشی کے بارے ہے''

اس باب میں دو فصلیں ہیں جن میں سے پہلی فصل میں ''خرقہ پوشی کی شرائط'' کا بیان ہے اور دوسری فصل میں اس بات کا بیان ہے کہ ''صوفیہ کے ہاں خرقہ پوشی کو اختیار کرنے یا اس کو ترک کر دینے کی حیثیت'' کیا ہے۔(۲۱)

''پانچواں باب فقر و صفوت میں صوفیہ کے اختلافات کے بارے ہے''

اس باب میں ''فقر و صفوت'' کی تقدیم و تاخیر کا بیان ہے جبکہ اس باب کا اختتام ''فقر و مسکنت'' پر ہے اور یہ تمام بحث کسی فصل کو قائم کئے بغیر کی گئی ہے۔(۲۲)

''چھٹا باب ملامت کے بارے ہے''

اس باب میں دو فصلوں میں سے پہلی فصل میں ''ملامت'' اور اس کے تین درجات کا ذکر ہے اور دوسری فصل میں ''ملامت کے بانی مشائخ'' اور پھر ''ملامت کے اسرار و رموز'' کا لطیف بیان ہے۔(۲۳)

ساتویں باب سے تیرہویں باب تک شخصیات کے تذکرے ہیں (۲۴) جنہیں حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ نے حفظ مراتب کا لحاظ رکھتے ہوئے ذکر فرمایا ہے جس کی تفصیل کچھ یہ ہے۔

''ساتواں باب اولین صحابہ کرام میں صوفیہ کے قائدین کے بارے ہے''

اس باب میں کسی فصل کو قائم کئے بغیر خلفائے راشدین، حضرت سیدنا صدیق اکبر، حضرت سیدنا عمر فاروق، حضرت سیدنا عثمان غنی، حضرت سیدنا علی المرتضیٰ، رضی اللہ عنہم کا تذکرہ ہے۔(۲۵)

''آٹھواں باب ائمہ اہل بیت کے بارے ہے''

اس باب میں بھی کسی فصل کو قائم کئے بغیر پانچ ائمہ اہل بیت، حضرت امام حسن، حضرت امام حسین، حضرت امام زین العابدین، حضرت امام ابوجعفر محمد باقر، حضرت امام محمد جعفر صادق، رضی اللہ عنہم کا تذکرہ ہے(۲۶)

''نواں باب اصحاب صفہ کے بارے ہے''

اس باب میں کوئی فصل قائم نہیں کی گئی اور یہ باب 22 جلیل القدر اصحاب صفہ، صحابہ کرام

رضی اللہ عنہم کے تذکرے پر مشتمل ہے جن کے اسمائے حسب ذیل ہیں

حضرت بلال، حضرت سلمان فارسی ،حضرت ابوعبیدہ بن الجراح، حضرت عمار بن یاسر، حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت عتبہ بن مسعود، حضرت مقداد بن اسود، حضرت خباب بن ارت، حضرت صہیب بن سنان، حضرت عتبہ بن غزوان، حضرت زید بن خطاب، حضرت ابو کبشہ، حضرت کنانہ بن حصین عدوی، حضرت سالم مولی حذیفہ یمانی، حضرت عکاشہ بن محصن، حضرت مسعود بن ربیع، حضرت ابوذر جندب غفاری، حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت سفیان بن بیضاء، حضرت ابوالدرداء عویمر بن عامر، حضرت ابولبابہ بن عبدالمنذر، حضرت عبداللہ بن بدر جہنی رضی اللہ عنہم ۔(۲۷)

''دسواں باب ائمہ تابعین کے بارے ہے''

اس باب میں بھی کسی فصل کو قائم کیے بغیر چار ائمہ تابعین ،حضرت اویس قرنی، حضرت ہرم بن حیان، حضرت حسن بصری اور حضرت سعید بن میسّب رضی اللہ عنہم کا تذکرہ ہے (۲۸)

''گیارہواں باب حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے زمانے تک کے ائمہ تبع تابعین کے بارے ہے''

اس باب میں کوئی فصل قائم نہیں کی گئی اور کل 64 ائمہ تبع تابعین کا تذکرہ ہے، جن کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں۔

حضرت حبیب یمنی ،حضرت مالک دینار، حضرت حبیب راعی، حضرت ابوحازم مدنی، حضرت محمد بن واسع، حضرت امام ابوحنیفہ، حضرت عبداللہ بن مبارک، حضرت فضیل بن عیاض، حضرت ذوالنون مصری، حضرت ابراہیم بن ادہم، حضرت بشر حافی، حضرت بایزید بسطامی، حضرت حارث محاسبی، حضرت داود طائی، حضرت سری سقطی، حضرت ابراہیم ازدی، حضرت ابوسلیمان دارانی، حضرت معروف کرخی، حضرت حاتم اصم، حضرت محمد بن ادریس شافعی، حضرت امام احمد بن حنبل، حضرت احمد حواری، حضرت احمد بلخی، حضرت عسکر نسفی، حضرت یحیٰی رازی، حضرت عمرو نیشاپوری، حضرت حمدون قصار، حضرت منصور بن عمار، حضرت احمد انطاکی، حضرت عبداللہ کوفی، حضرت جنید بغدادی، حضرت احمد نوری، حضرت سعید حیری، حضرت احمد، حضرت رویم، حضرت یوسف رازی، حضرت سمنون خواص، حضرت شاہ شجاع کرمانی، حضرت عمر مکی، حضرت سہیل تستری، حضرت محمد بلخی، حضرت محمد ترمذی، حضرت محمد ورّاق، حضرت احمد خراز، حضرت علی اصفہانی، حضرت محمد خیر النساج، حضرت ابوحمزہ خراسانی، حضرت احمد مسروق، حضرت محمد مغربی، حضرت حسن جوز جانی، حضرت احمد جریری، حضرت احمد، حضرت حسین بیضاوی، حضرت ابراہیم خواص، حضرت ابوحمزہ بغدادی، حضرت موسیٰ واسطی، حضرت ابوبکر شبلی، حضرت

جعفر خلدی، حضرت محمد رود باری، حضرت قاسم مروزی، حضرت محمد شیرازی، حضرت سعید مغربی، حضرت ابراہیم نصر آبادی، حضرت علی حصری (رحمۃ اللہ تعالی علیہم اجمعین ورضوانہ علیہم) (۲۹)

''بارہواں باب متاخرین صوفیہ کے ائمہ کے بارے میں ہے''

اس باب میں بھی کوئی فصل قائم کیے بغیر کل 10 ائمہ متاخرین کا تذکرہ جمیلہ ہے، اس فصل کی خاص بات یہ ہے اس میں حضرت داتا گنج بخش علیہ الرحمۃ نے اپنے مرشد گرامی حضرت محمد بن حسن ختلی اوران سے اپنی عقیدت کا ذکر بھی کیا گیا ہے، ائمہ کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں۔

حضرت احمد قصاب، حضرت ابوعلی محمد دقاق، حضرت علی خرقانی، حضرت محمد داستانی، حضرت فضل اللہ میہنی، حضرت محمد بن حسن ختلی، حضرت عبدالکریم قشیری، حضرت احمد اشقانی، حضرت علی گرگانی، حضرت مظفر رحمۃ اللہ تعالی علیہم اجمعین ورضوانہ علیہم (۳۰)

''تیرہواں باب متعدد شہروں کے متفرق صوفیہ کے بارے میں ہے''

اس باب میں ان متاخرین صوفیہ کا ذکر جمیل ہے جو متفرق شہروں میں موجود تھے، ان میں شام، عراق، اہل فارس، قہستان، آذربائیجان، طبرستان، کش، کرمان، خراسان، ماوراء النہراور غزنین کے متاخرین صوفیہ کا تذکرہ ہے اوران کا ذکر بھی کسی فصل کو قائم کیے بغیر کیا گیا ہے۔ (۳۱)

''چودھواں باب صوفیہ کے فرقوں اور مذاہب کے بارے میں ہے''

اس باب میں صوفیہ کے مختلف فرقوں کا بیان ہے اوراس کے ضمن میں ان کے نظریات، معمولات، علامات اوران کے بارے حکایات کا تفصیلی تذکرہ ہے، حضرت داتا گنج بخش علیہ الرحمۃ نے اس باب میں کل 12 فرقوں کا ذکر کیا ہے ان میں 10 اہل حق اور 2 اہل باطل سے ہیں اور اہل باطل کے دو گروہوں کا ذکر ایک ہی فرقہ حلولیہ کے ضمن میں ہے جن میں ایک کی نسبت ابوحلمان دمشقی کی طرف اور دوسرے گروہ کی نسبت اہل فارس کی طرف ہے، حضرت داتا گنج بخش علیہ الرحمۃ نے باطل فرقے کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا'' لیکن حلولیہ، اللہ ان پر لعنت بھیجے'' (اس جملے سے ان کے عقائد باطلہ، فاسدہ اور شنیعہ کی طرف اشارہ مقصود ہے) جبکہ باقی 10 اہل حق فرقوں کے نام اوران کے ذکر میں ذیلی ابحاث ومضامین خصوصاً اہل تصوف کے ہاں استعمال ہونے والی بعض اہم اصطلاحات کی نفیس توضیحات اجمالاً حسب ذیل ہیں۔

۱۔ فرقہ محاسبیہ، اس کے ضمن میں ایک فصل قائم کی گئی ہے اوراس میں خاص طور پر رضا کی حقیقت کی بحث ہے اور فصل میں حال اور مقام کے درمیان فرق کو بیان کیا گیا ہے۔

۲۔ فرقہ قصاریہ۔

۳۔ فرقہ طیفوریہ،اس کے ضمن میں سکر اور صحو کی بحث کرتے ہوئے سکر اور صحو کی اقسام بیان کی گئی ہیں

۴۔ فرقہ جنیدیہ۔

۵۔ فرقہ نوریہ،اس کے ضمن میں ایثار اور ایثار کی اقسام بیان کی گئی ہیں۔

۶۔ فرقہ سہیلیہ،اس کے ضمن میں اولاً نفس کی حقیقت اور ہوا کے معنی بیان کئے گئے ہیں پھر نفس کے افعال کی اقسام کے ذکر کے بعد فصل قائم کی گئی ہے اور اس فصل میں نفس کی حقیقت کے بارے مختلف مشائخ کے اقوال، مجاہدہ نفس، حقیقت ہوا اور خواہش نفس کی اقسام تفصیلاً بیان کی گئی ہیں۔

۷۔ فرقہ حکیمیہ،اس کے ضمن میں اولاً ولایت کے اثبات میں کلام ہے اور پھر دو فصلیں قائم کی گئی ہیں، پہلی فصل میں اولیاء کرام کے اوصاف کا بیان ہے جبکہ دوسری فصل میں کرامات کے ثبوت پر گفتگو کے بعد معجزہ اور کرامت میں فرق، اولیاء کرام کی کرامات، انبیاء کی اولیاء پر فضیلت اور پھر فرشتوں اور مومنین پر انبیاء اور اولیاء کی فضیلت کا تفصیلی تذکرہ ہے۔

۸۔ فرقہ خرازیہ،اس میں ابتداء فنا اور بقاء کی بحث ہے اور اس کے بعد ایک فصل قائم کی گئی ہے۔

۹۔ فرقہ خفیفیہ،اس کے ضمن میں غیبت وحضور پر لطیف کلام ہے۔

۱۰۔ فرقہ سیاریہ،اس کے ضمن میں جمع وتفریق پر کلام کے بعد جمع وتفرقہ کے اختلاف پر تفصیلی گفتگو کی گئی ہے اور اس فرقہ کے ذکر میں ایک فصل قائم کی گئی ہے۔

۱۱۔ فرقہ حلولیہ،اس فرقہ کے دو گروہوں کے ذکر کے بعد ان دونوں گروہوں کے بطلان پر تفصیلی بحث ہے اور اسی کے ضمن میں ایک فصل کو قائم کرنے کے ساتھ روح پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔(۳۲)

''پندرہواں باب کشف حجابات کے بارے میں ہے''

اس باب میں 11 حجابات سے پردے اٹھائے گئے ہیں اور ان کے ضمن میں 14 فصلیں قائم کی گئی ہیں، کتاب کے نام کے پیش نظر لگتا ہے کہ ''کشف المحجوب''، کی تحریر کا مقصود اصلی یہی باب نمبر 15 ہے، ہم اس کے مضامین کو تھوڑی تفصیل سے بیان کرتے ہیں

(۱) کشف حجاب اول:

اللہ تعالی کی معرفت کے بارے میں ہے اور اس میں دو فصول ہیں، پہلی فصل میں معرفت باری تعالی اور حقیقت معرفت میں گفتگو ہے اور دوسری فصل میں معرفت کے بارے مشائخ کے مختلف اقوال بیان کئے گئے ہیں۔

(۲) کشف حجاب ثانی:

توحید باری تعالیٰ کے بارے میں ہے، اس میں ایک فصل ہے جس میں توحید کے بارے متفرق مشائخ کے مذاہب اور اقوال کا بیان ہے۔

(۳) کشف حجاب ثالث:

ایمان کے بارے میں ہے، اس میں ایک فصل ہے اور اس فصل میں اہل سنت و جماعت، اہل تحقیق اور اہل معرفت کے اقوال کی روشنی میں ایمان کی اصل اور ایمان کی فرع پر سیر حاصل کلام ہے۔

(۴) کشف حجاب رابع:

طہارت کے بارے میں ہے اور اس میں توبہ سے متعلق امور کا بیان ہے، اس میں دو فصلیں ہیں، پہلی فصل میں توبہ کے لئے تائید کے شرط ہونے یا نہ ہونے کے بارے گفتگو کی گئی ہے اور دوسری فصل میں توبہ کی اقسام اور عوام اور خواص کی توبہ کے بارے مشائخ کے ارشادات نقل کئے گئے ہیں۔

(۵) کشف حجاب خامس:

نماز کے بارے میں ہے، نماز کے ذکر میں ایک فصل ہے جس میں نماز کے اسرار و رموز اور نمازیوں کی اقسام کا بیان ہے، اس کے بعد باب قائم کیا گیا ہے اور یہ باب محبت اور اس سے متعلقہ امور کے بارے میں ہے۔ اس کی ایک فصل ہے جس میں اس بات کا بیان ہے کہ علماء کے ہاں محبت کن معانی میں مستعمل ہے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی اولیاء کرام سے اور اولیاء کرام کی اللہ تعالیٰ سے محبت اور اس کی کیفیت کا پر کیف تذکرہ ہے، اس کے ضمن میں تین فصلیں ہیں جن میں سے پہلی فصل میں محبت کے بارے مختلف مشائخ کے اقوال ذکر کئے گئے ہیں، دوسری فصل میں عشق کے عنوان پر لطیف گفتگو ہے اور تیسری فصل میں محبت کی حقیقت کے بارے میں مشائخ سے منقول اسرار و رموز کا تذکرہ ہے۔

(۶) کشف حجاب سادس:

زکوٰۃ کے بارے میں ہے اس میں ایک فصل ہے جو مشائخ کے زکوٰۃ لینے یا نہ لینے کے بارے تفصیلی کلام پر مشتمل ہے، اس کشف حجاب کے ضمن میں ایک باب جود و سخاء کے بارے قائم کیا گیا ہے۔

(۷) کشف حجاب سابع:

روزے کے بارے میں ہے،اس کشف حجاب میں ایک الگ باب جوع یعنی بھوک اوراس سے متعلق احکام کے بارے میں قائم کیا گیا ہے۔

(۸) کشف حجاب ثامن:

حج کے بارے میں ہے۔

(۹) کشف حجاب تاسع:

صحبت (ملاقات اور مجلس)،صحبت کے آداب اور دیگر آداب کے بارے میں ہے، اس کشف حجاب میں صحبت، آداب صحبت ،شرطِ صحبت ،اوقات صحبت نیز سفر میں آداب صحبت کے بعد کھانے ، چلنے ،سونے ، گفتگو، خاموشی ،سوال ،ترک سوال،شادی کرنے اور مجرد رہنے کے آداب پر تفصیلی گفتگو کی گئی ہے

(۱۰) کشف حجاب عاشر:

یہ کشف حجاب بہت ہی لطیف ابحاث پر مشتمل ہے جن میں صوفیہ کی گفتگو،صوفیہ کے کلام کے حقائق ومعانی کے ذکر کے بعد حال اور وقت اوران میں باہم فرق کے بعد حال پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے ،اس کے بعد مقام و تمکین،محاضرہ و مکاشفہ،قبض و بسط ،انس و ہیبت،قہر و لطف،نفی وا ثبات،مسامرہ ومحادثہ،علم الیقین ،عین الیقین ،حق الیقین کے مابین فرق کو بڑی عمدگی سے بیان کیا گیا ہے ،اس کے ساتھ علم و معرفت ،شریعت و حقیقت، کے فرق کے ذکر کے بعد متوصفہ کے ہاں استعمال ہونے والے مختلف کلمات اور اصطلاحات کا تفصیلی تذکرہ ہے۔

(۱۱) کشف حجاب حادی عشر:

یہ کشف حجاب بنیادی طور پر سماع کے بارے ہے ،اس کشف حجاب میں دو فصول ہیں،اولاً سماع اوراس کی قسموں کا بیان ہے،سماع القرآن،سماع شعر،سماع اصوات والحان کے ذکر کے بعد سماع کے اصول اور احکام بیان کئے گئے ہیں اس کے بعد فصل میں سماع کے بارے صوفیہ کے اختلاف کا بیان ہے،اس فصل کا اختتام سماع کی حقیقت میں صوفیہ کے مراتب کے ذکر پر ہے،اس کے بعد کی فصل میں وجد، وجود،تواجد کی وضاحت ،رقص اور خرق جامہ یعنی رقص یا سماع کے دوران گریبان

پھاڑنے کی حقیقت پر گفتگو کے بعد کتاب کا اختتام آداب سماع پر کیا گیا ہے۔(۳۳)

ذکر کردہ تفصیل اور گفتگو بنیادی طور پر کشف المحجوب کے اسلوب بیان پر ہے جسے فارسی نسخہ تحلیلیہ کے آئینہ میں ذکر کیا گیا ہے، اب ہم کشف المحجوب پر مختصر تبصرے کے بعد چند امور کی طرف توجہ دلاتے ہیں۔

سالکین راہِ طریقت کی دو اقسام ہیں(۱) کامل (۲) ناقص' اکثر کتب تصوف مذکورہ دونوں اقسام میں سے صرف ایک قسم کیلئے رہنما ثابت ہوتی ہیں، یعنی بعض کتب اگر کاملین کیلئے رہنما ہیں تو ناقصین کیلئے ان کتب میں حیرت وحیرانگی کے سوا کچھ نہیں ہوتا ہے اور اگر بعض کتب ناقصین ومبتدئین کیلئے رہنما ہیں تو وہی کتب کاملین کیلئے ابتدائی قاعدہ کا درجہ رکھتی ہیں، لیکن اگر کوئی کتاب سالکین راہ طریقت کی دونوں اقسام کیلئے بیک وقت رہنمائے کامل کا درجہ رکھتی ہے تو اس کتاب کا نام ''کشف المحجوب'' ہے۔

کثرت مطالعہ کے بعد تصوف کی اکثر کتب سے قاری کی طبیعت بھر جاتی ہے اور وہ اس کتاب کو متعدد بار پڑھنے میں یک گونہ اکتاہٹ محسوس کرتا ہے لیکن بقول حضرت حکیم محمد موسیٰ امرتسری ''اس (کشف المحجوب) کے بار بار مطالعہ سے حجابات اٹھ کر نئے نئے انکشافات ہوتے ہیں ''(۳۴) کشف المحجوب' بلا شبہ ہندوستان کے خانقاہی نظام کے نصاب اول کا درجہ رکھتی ہے بلکہ یقیناً اس کا شمار دنیائے تصوف کی'' امہات کتب'' ہوتا ہے اور بلاشبہ فارسی زبان میں لکھی جانے والی دنیا کی یہ پہلی کتاب ہے۔(۳۵)

یہ کتاب مستطاب جہاں ایک طرف حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ کی تعلیمات وافکار کا بہترین نمونہ ہے وہاں ایک وقیع اور دقیق علمی کاوش بھی ہے، اس کا ترجمہ دنیا کی تقریباً تمام معروف زبانوں میں ہو چکا ہے، صرف اردو زبان میں اس کے 21 سے زائد تراجم شائع ہو چکے ہیں جن میں سے اکثر اب بھی دستیاب ہیں،(۳۶) کتاب محض حکایات و واقعات کا مجموعہ نہیں بلکہ 248 قرآنی آیات بینات، 172 احادیث مبارکہ، 76 عربی اور 1 فارسی شعر کے ساتھ ساتھ حضرات خلفائے راشدین، ائمہ اہل بیت، 22 جلیل القدر صحابہ کرام، چار ائمہ تابعین، 65 ائمہ تبع تابعین، 10 مشہور ائمہ متاخرین اور متعدد امصار و بلاد کے مشائخ کے تذکروں سمیت بیسیوں ادعیہ و امثال اور ائمہ مشائخ وصوفیہ کے لاتعداد اقوال کا ایک حسین مجموعہ ہے، اس کتاب کی علمی اور فنی حیثیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ چھٹی صدی ہجری کے بعد لکھی جانے والی تصوف کی تمام کتب میں ''کشف المحجوب '' کا ذکر اور اس کے حوالہ جات ملتے ہیں اس کے ساتھ ساتھ اس کتاب کو تذکروں کی معروف کتب اور تصوف کی قابل اعتماد کتب کیلئے مآخذ ہونے کی حیثیت بھی حاصل ہے

،حضرت خواجہ فرید الدین عطار نے تذکرۃ الاولیاء میں ،حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی نے نفحات الانس میں ،حضرت خواجہ شرف الدین یحیٰ منیری نے اپنے مکاتیب میں ،حضرت خواجہ محمد پارسا نے فصل الخطاب میں ،حضرت سید محمد حسینی گیسو دراز نے کشف المحجوب سے استفادہ کیا ہے اور مشہور روسی محقق ژوکوفسکی کے بقول سفینۃ الاولیاء ،خزینۃ الاصفیاء ،نامہ دانشوران ،طرائق الحقائق میں کشف المحجوب کے اقتباسات اور حوالہ جات کثرت سے موجود ہیں۔(۳۷)

کشف المحجوب اگر چہ حضرت ابوسعید ہجویری علیہ الرحمۃ کے سوالات کے جوابات کی غرض سے تحریر کی گئی ،حضرت ابوسعید نے اپنے سوال میں 12 چیزیں کی تفصیل طلب کی ہے وہ 12 چیزیں حسب ذیل ہیں۔

(۱) طریقت اور تصوف کی تحقیق۔
(۲) مقامات متصوفہ کی کیفیت۔
(۳) متصوفہ کے مذاہب کا بیان۔
(۴) متوصفہ کے مقالات۔
(۵) متصوفہ کے رموز۔
(۶) متوصفہ کے اشارات۔
(۷) اللہ تعالیٰ کی محبت کی کیفیت۔
(۸) دلوں پر اللہ تعالیٰ کی محبت کے اظہار کی کیفیت۔
(۹) اللہ تعالیٰ کی محبت سے عقلوں پر حجابات کے اسباب۔
(۱۰) اللہ تعالیٰ کی محبت سے نفس کی نفرت کے اسباب۔
(۱۱) اللہ تعالیٰ کی محبت سے روحوں کا اطمینان۔
(۱۲) متصوفہ کے معاملات۔

اگر چہ حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی توجہ سوالات کے جوابات پر مرکوز رکھی ہے لیکن جوابات کے ضمن میں ایسی لطیف ابحاث ذکر گئی ہیں کہ تصوف کی دیگر اکثر کتابین ان ابحاث سے یا تو سرے سے خالی ہیں یا ان ابحاث کی تحقیق میں یک گونہ تشنگی برقرار ہے۔ان میں علم ،فقر وغناء ،صوفی ،رسم وخصلت ،خرقہ پوشی ،صفوت ،ملامت ،رضا ،حال ومقام ،سکر وصحو ،ایثار ،نفس ،ہوا ،کرامت ،معجزہ ،فضیلت ،فناء وبقاء ،غیبت وحضور ،جمع وتفریق ،روح ،معرفت ،توحید ،ایمان ،طہارت ،توبہ ،نماز ،محبت ،

عشق، زکوۃ، جود وسخا، جوع، حج، صحبت، متعدد آداب و اخلاقیات، شادی، حال، وقت، مقام، تمکین، محاضرہ، مکاشفہ، قبض و بسط، انس و ہیبت، قہر ولطیف، نفی و اثبات، مسامرہ ومحادثہ، شریعت وحقیقت اورسماع خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

حضرت داتا گنج بخش علیہ الرحمۃ کی کتاب مستطاب اپنے موضوع پر ایک کامل اور جامع تصنیف ہے لیکن کتاب کو دقت نظر سے پڑھنے کے بعد قاری اس بات کی تمنا کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ کاش حضرت ابوسعید ہجویری اپنے سوال کو طویل کرتے اور مزید کچھ باتیں اپنے شیخ کامل سے دریافت کرتے تو پتہ نہیں اور کتنے اسرار ورموز سے پردے اٹھا دیئے جاتے، کتنے عقدے کھل جاتے اور سالکان راہ طریقت قیامت تک اس چشمہ فیض سے سیر یاب ہوتے رہتے، ہم سلطان المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کے الفاظ میں اس کتاب کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اپنے مضمون کا اختتام کرتے ہیں، حضرت محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ''اگر کسے را پیر نہ باشد، چوں ایں را مطالعہ کند او را پیدا شود ''(۳۸)

راقم کی رائے میں آپ کے ارشاد کے دو مفہوم ہیں

(۱) کہ اگر کسی شخص کا کوئی پیر نہ ہو اور اس کتاب کا مطالعہ کرے تو اسے مرشد کامل مل جائے گا۔

(۲) اگر کسی کو پیر نہ مل رہا ہو جو تصوف کے معاملات کی تشریح اور راہ سلوک میں اس کی صحیح رہنمائی کرے تو ایسا شخص اس کتاب کشف المحجوب کا مطالعہ کرے تو یہ کتاب اس شخص کی ایک مرشد کامل کی طرح رہنمائی کرے گی بلکہ حقیقت یہ ہے کہ اسے آج کل کے بے شمار مرشدانِ کامل (بزعم خویش) سے بے نیاز کردے گی۔

''فارسی تحلیلی نسخہ کا اہم علمی تسامح''

فارسی تحلیلی نسخہ بلاشبہ علمی اور تحقیقی شاہکار ہے لیکن دقت نظر سے مطالعہ کے بعد پتہ چلتا ہے کہ محقق اور مشرف دونوں سے ایک اہم تسامح (۳۹) ہوا ہے، ہم اس تسامح کو حضرت مفتی علی احمد سندھیلوی شیخ الحدیث جامعہ ہجویریہ، داتا دربار لاہور کے الفاظ میں ہی بیان کئے دیتے ہیں(۴۰) اور محقق اور مشرف سے اس کی فی الفور تصحیح کے درخواست گذار رہیں، حضرت شیخ الحدیث فرماتے ہیں ''حضرت شیخ الاسلام، مخدوم الاولیاء، امام الاولیاء، امام علی بن عثمان ہجویری، لاہوری المعروف داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ صحیح العقیدہ سنی، حنفی، ماتریدی مسلمان ہیں، انہوں نے کشف المحجوب میں عقائد

اہل سنت ہی تحریر فرمائے ہیں، جمہور اہل سنت یزید کو بہت برا جانتے ہیں اور اس سے نفرت کا اظہار کرتے ہیں، فاسق، فاجر، پلید وغیرہ کہتے ہیں۔ بڑے بزرگ یہ سب کچھ کہتے ہیں مگر بڑے ہی محتاط انداز میں مثلاً **علیه ما یستحقه،علیه ما یستحق،أخزاه اللّٰه** وغیرہ الفاظ اور سیدنا معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بہت عقیدت رکھتے اور تعظیم وتکریم کرتے ہیں، حضرت شیخ الاسلام مخدوم الاولیاء، امام علی بن عثمان ہجویری لاہوری المعروف داتا گنج بخش رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ نے بھی اسی عقیدہ کو بیان کیا، لکھتے ہیں ''**یزید علیه ما یسحق،أخزاه دون أبیه** (۴۱) لیکن ایرانی ناشرین نے مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان کے نسخہ فارسی میں تحریف کی ہے کہ ''**دون أبیه**'' کو حذف کر کے (۴۲) سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ سے دشمنی کا ثبوت دیا ہے (۴۳)

چونکہ عمومی مترجمین نے مختلف فارسی نسخوں کو بنیاد بنایا ہے لیکن اس معاملہ کی تحقیق کئے بغیر لاعلمی میں ترجمہ میں بھی تحریف کے مرتکب ہوئے ہیں، موجود چودہ اردو تراجم میں سے چار تراجم میں یہ تحریف نہیں ہے (۴۴) جبکہ دس مترجمین نے ''**دون أبیه**'' کی اصل عبارت ذکر کی اور نہ ہی اس کا اردو ترجمہ کیا (۴۵) یوں تو کشف المحجوب کے دستیاب اردو تراجم میں سے ہر ایک کسی نہ کسی وجہ سے ممتاز ہوگا لیکن راقم کے خیال میں ان تمام میں سر فہرست اردو ترجمہ کلام المرغوب ہے جو ابوالحسنات سید محمد احمد قادری کا ہے اور جس کے شروع میں حضرت حکیم محمد موسیٰ علیہ الرحمۃ کا بے مثال علمی اور تحقیقی دیباچہ بھی شامل ہے اور اب استاذ ڈاکٹر خالق داد ملک اور ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کی آیات قرآنیہ اور احادیث مبارکہ کی تخریج کے اضافے کے ساتھ تحقیق جدید نے اس کی افادیت کو چار چاند لگا دیئے ہیں اور اسے حال ہی میں محکمہ اوقاف پنجاب نے بلا معاوضہ تقسیم کرنے کا سلسلہ شروع کیا ہے۔

☆☆☆☆

حوالہ جات

۱۔ ’’محمد موسٰی امرتسری‘‘، حکیم، دیباچہ بر’’ کلام المرغوب‘‘ اردو ترجمہ کشف المحجوب، ابوالحسنات سید محمد احمد قادری، ص۲۷، ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور، اشاعت ۲۰۰۹۔

۲۔ ’’ایضاً‘‘ ص۸۔

۳۔ ’’ایضاً‘‘ ص۱۳۔

۴۔ ’’ایضاً‘‘ ص۱۲۔

۵۔ درج کی گئی عیسوی تاریخ انٹرنیٹ سے حاصل کی گئی ہے چونکہ ہجری سال، عیسوی سال سے عموماً دس دن کم ہوتا ہے اس حساب سے ہر چھتیس سال بعد ایک سال کا فرق پڑتا ہے اور ستر سال بعد دو سال کا، حضرت داتا گنج بخش علیہ الرحمۃ کی درج کی گئی عمر ہجری سال کے مطابق 65 سال بنتی ہے اس لئے آپ کی عمر مبارک عیسوی سال کے مطابق 67 سال بنے گی۔ (واللہ اعلم)

۶۔ ’’محمد موسٰی‘‘، حکیم موسی امرتسری، دیباچہ بر’’ کلام المرغوب‘‘ اردو ترجمہ کشف المحجوب، ابوالحسنات سید محمد احمد قادری، ص۵۵، ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور، اشاعت ۲۰۰۹۔

۷۔ ’’ایضاً‘‘ ص۵۴۔

۸۔ ’’ایضاً‘‘ ص۶۰۔

۹۔ ’’ایضاً‘‘ ص۵۶۔

۱۰۔ ’’محمد اقبال‘‘، علامہ، اسرار و رموز، ص۵۱، شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور، گیارہواں ایڈیشن

۱۱۔ ’’بشیر حسین ناظم‘‘، الحاج، ارمغان موہوب اردو ترجمہ کشف المحجوب، کرمانوالہ بک شاپ لاہور، اشاعت ۲۰۰۷،

۱۲۔ ’’علی بن عثمان‘‘، ہجویری، کشف المحجوب فارسی نسخہ، پیش گفتار از ڈاکٹر محمد حسین تسبیحی رھا، ص ہیجدہم، انتشارات مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، شمارہ ردیف ۱۵۰، مطبوعہ ۱۹۹۵۔

۱۳۔ ’’علی بن عثمان‘‘، ہجویری، کشف المحجوب فارسی نسخہ، محققہ از ڈاکٹر محمد حسین تسبیحی رھا، ص۶۰۳ تا ۶۹۳، انتشارات مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، شمارہ ردیف ۱۵۰، مطبوعہ ۱۹۹۵۔

۱۴۔ ’’ایضاً‘‘ ص سی و دوم۔

۱۵۔ ’’علی ذو علم‘‘، تقریظ بر کشف المحجوب فارسی، ص الف، انتشارات مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، شمارہ ردیف ۱۵۰، مطبوعہ ۱۹۹۵۔

۱۶۔ ’’علی بن عثمان‘‘، ہجویری، کشف المحجوب فارسی نسخہ، محققہ از ڈاکٹر محمد حسین تسبیحی رھا، ص پنجم تا

سی ام، انتشارات مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، شمارہ ردیف ۱۵۰، مطبوعہ ۱۹۹۵ء۔

۱۷۔ ''ایضاً'' ص ۱ تا ۱۲۔

۱۸۔ ''ایضاً'' ص ۱۳ تا ۲۴۔

۱۹۔ ''ایضاً'' ص ۲۵ تا ۳۹۔

۲۰۔ ''ایضاً'' ص ۴۰ تا ۵۴۔

۲۱۔ ''ایضاً'' ص ۵۵ تا ۶۹۔

۲۲۔ ''ایضاً'' ص ۷۰ تا ۷۳۔

۲۳۔ ''ایضاً'' ص ۷۴ تا ۸۲۔

۲۴۔ ''ایضاً'' ص ۸۳ تا ۲۵۶۔

۲۵۔ ''ایضاً'' ص ۷۴ تا ۹۰۔

۲۶۔ ''ایضاً'' ص ۹۱ تا ۱۰۴۔

۲۷۔ ''ایضاً'' ص ۱۰۵ تا ۱۰۸۔

۲۸۔ ''ایضاً'' ص ۱۰۹ تا ۱۱۷۔

۲۹۔ ''ایضاً'' ص ۱۱۸ تا ۲۳۶۔

۳۰۔ ''ایضاً'' ص ۲۳۷ تا ۲۵۱۔

۳۱۔ ''ایضاً'' ص ۲۵۲ تا ۲۵۶۔

۳۲۔ ''ایضاً'' ص ۲۵۷ تا ۳۸۶۔

۳۳۔ ''ایضاً'' ص ۳۸۷ تا ۶۰۲۔

۳۴۔ ''محمد موسیٰ امرتسری''، حکیم، ملخص از دیباچہ بر'' کلام المرغوب'' اردو ترجمہ کشف المحجوب، ابوالحسنات سید محمد احمد قادری، ص ۲۷، ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور، اشاعت ۲۰۰۹ء۔

۳۵۔ ''ایضاً'' ص ۲۹۔

۳۶۔ ''رشید محمود'' راجا، ''کشف المحجوب کے اردو تراجم اوران کے مقدمات'' مجلّہ معارف اولیاء ج ۵، ش ۱، ص ۲۴۴۔

۳۷۔ ملخص از دیباچہ بر'' کلام المرغوب'' اردو ترجمہ کشف المحجوب ، ابوالحسنات سید محمد احمد قادری، ص ۳۲ تا ۳۶، ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور، اشاعت ۲۰۰۹ء، از ''محمد موسیٰ امرتسری''، حکیم۔

۳۸۔ ''نظام الدین'' ''محبوب الٰہیٔ'' دررنظامی، بحوالہ دیباچہ بر'' کلام المرغوب'' اردو ترجمہ کشف المحجوب ،حکیم محمد موسیٰ امرتسری، ص ۳۰، ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور، اشاعت ۲۰۰۹ء۔

۳۹۔ راقم نے تسامح کا لفظ احتیاطاً لکھا ہے ورنہ اس پایہ کے محقق اور مشرف سے اس طرح کی غلطی کے ارتکاب کو تسامح کی بجائے تجاہل کہنا موزوں ہے۔

۴۰۔ تفصیل کے لئے دیکھئے، چار ورقی سوال و جواب اور وضاحت نامہ بابت عقائد، ۸محرم الحرام ۱۴۳۴ھ،۲۰۱۲ء، مطبوعہ دارالافتاء، مرکز تدریب الافتاء والبحوث ۱۵۰، راوی روڈ، لاہور۔

۴۱۔ (۱) کشف المحجوب، نسخہ سمرقند فارسی، ص۹۴، سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۷ء۔
(۲) کشف المحجوب، نسخہ فارسی ص ۵۹، مطبوعہ عشرت پبلشنگ ہاؤس، لاہور۔

۴۲۔ ''علی بن عثمان''، ہجویری، کشف المحجوب فارسی نسخہ، محققہ از ڈاکٹر محمد حسین تسبیحی رہا، ص۹۶، باب ذکر اہل بیت، آخری سطر، انتشارات مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، شمارہ ردیف ۱۵۰، مطبوعہ ۱۹۹۵ء۔

۴۳۔ چار ورقی سوال و جواب اور وضاحت نامہ بابت عقائد ۸محرم الحرام ۱۴۳۴ھ،۲۰۱۲ء، مطبوعہ دارالافتاء، مرکز تدریب الافتاء والبحوث ۱۵۰، راوی روڈ، لاہور۔

۴۴۔ وہ چار تراجم یہ ہیں۔(۱)''کلام المرغوب'' اردو ترجمہ کشف المحجوب، از ابوالحسنات سید محمد احمد قادری، مطبوعہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور، اشاعت ۲۰۰۹ء۔
(۲) ترجمہ از مولانا مفتی سید معین الدین نعیمی، زاویہ پبلشرز، لاہور، اشاعت ۲۰۰۳ء۔
درج بالا دو تراجم میں کشف المحجوب کی اصل عبارت بھی درج کی گئی ہے۔
(۳)'' ارمغان مرغوب'' اردو ترجمہ کشف المحجوب، از الحاج بشیر حسین ناظم، مطبوعہ کرمانوالہ بک شاپ، لاہور، اشاعت ۲۰۰۷ء۔
(۴)''انوار القلوب'' اردو ترجمہ کشف المحجوب، از ابونعیم عبدالحکیم خاں نشتر جالندھری، مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز۔

۴۵۔ اس بارے دیگر تفصیل کے لئے دیکھئے، چار ورقی سوال و جواب اور وضاحت نامہ بابت عقائد ۸محرم الحرام ۱۴۳۴ھ،۲۰۱۲ء، مطبوعہ دارالافتاء، مرکز تدریب الافتاء والبحوث ۱۵۰، راوی روڈ، لاہور۔

Majallah Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 33, Sr.No.89, 2012, pp 73 - 86

مجلّہ تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد۳۳، اکتوبر۔دسمبر۲۰۱۲ء، شمارہ۸۹

ترجمہ قرآن حکیم از مولانا سید شبیر احمد۔ایک تجزیہ

ڈاکٹر حافظ عبد القدیر☆

Abstract:

The following article deals with a very popular Urdu translation of the Holy Quran, done by Maulana Syed Shabbir Ahmad(d:2001) –a well-known religious scholar and founder of "Quran Aasan Tehrik"-. The interesting thing about this translation is that it is not his original piece of work. According to what he mentioned in the preface, he has compiled this translation by selecting what he saw was easier and nearer to the comprehension of a common reader. The translation has been assembled from the existing eight popular Urdu translations of the Holy Quran i.e. translations of Shah Abdul Qadir, Shah Rafi' ud-Din, Maulana Waheed uz-Zaman, Shaykh ul-Hind Maulana Mahmud ul-Hasan, Maulana Ashraf 'Ali Thanwi, Maulana Abul A'la Mawdudi and Maulana Amin Ahsan Islahi -May Allah bless them all-. A new thing he introduced in this translation is that he has used red and blue colours in its print by dividing the page into two columns, and writing the Quranic text in the first one and its translation in the other, facing the text. The red and blue pieces in the text correspond to the red and blue in the translation. By doing this he has tried to beautify it as the combination of red and blue looks beautiful and pleases the eye, and to help convey the meanings of every word. It also helps those who are colour blind as these two colours are the most distinguishable with them. In this article the writer has tried to examine this effort critically by shedding light on the prominent features of the translation and pointing out some of its shortcomings.

قرآن کریم رب کائنات کا اپنے بندوں سے وہ آخری خطاب ہے جو اُس نے خاتم النبیین آقائے دو جہاں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے سے فرمایا' بظاہر قرآن ایک کتاب ہے حقیقت میں یہ

☆ اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ عربی' اورینٹل کالج، جامعہ پنجاب، لاہور

اللہ تعالیٰ کی ایک ایسی نعمت ہے جسے ایک نام سے نہیں پکارا جا سکتا' اس کی صفات لامتناہی ہیں' اس کتاب کی عجب کیفیت ہے' یہ ہر ایک دل پر جلوہ فگن اور ہر ایک دماغ پر ضوء فشاں ہے' اس کی حلاوتیں ہر وجدان پر گھر کرتی ہیں' عامۃ الناس کیلیے یہ کتاب وعظ ونصیحت ہے' اصحاب علم کے لیے یہ خزینہ علوم ومعارف ہے' راہیان طریق دانش کیلیے کتاب حکمت ہے' اہل دل کیلیے گنجینہ اسرار ہے' حقائق سے رو گردانی کرنے والوں کیلیے براہین قاطعہ اور دلائل باہرہ کا انمول خزانہ ہے اور متلاشیانِ حق کیلیے کتابِ رشدوہدایت ہے۔(۱)

قرآن کریم گلہائے رنگا رنگ کا ایسا حسین وجمیل گلدستہ ہے جس کی ہر آیت کریمہ اپنی بوقلمونی میں یکتا و بے مثل ہے۔ اس کی شستگی الفاظ' ان کی ترتیب' بیان کی خصوصیات' آیات کا غیر معمولی آغاز اور اختتام' الفاظ کی روانی' واقعات کا بیان' اسلوب نصیحت' الغرض جس پہلو سے بھی اسے دیکھیں حسین امتزاج کا نظارہ اور کیف ووجد کا اثر جدا ملتا ہے' علماء تفسیر وترجمہ نے اپنی عمریں اس گلدستہ کی بہار آفرینی میں صرف کر دیں'(۲) لیکن جس طرح انسان اللہ کے حضور خود کو عاجز و درماندہ پاتا ہے اسی طرح اسے کلام الٰہی کے سامنے اپنی بے بسی کا شدید احساس ہوتا ہے' قرآن کے الفاظ وآیات اتنے جامع' وسیع المعنی اور زور بیان سے اس قدر بھرپور ہیں کہ کسی بھی زبان میں ان کے ترجمہ یا ترجمانی کا حق ادا نہیں کیا جا سکتا' الفاظ وآیات کی مفصل تفسیر تو کی جا سکتی ہے لیکن ان کے معانی کے ہمہ جہت پہلوؤں کا احاطہ انتہائی مشکل ہے' مختصر الفاظ میں قرآنی آیات کا جامع' تمام پہلوؤں پر حاوی اور قرآن کے انداز میں ایسا مؤثر اور مکمل ترجمہ کرنا کہ اس میں قرآن کا زور بیان بھی منتقل ہو ناممکن نہیں تو اس کے قریب تر ہے' اس کے باوجود راہیان طریق عزم وہمت اور وارثان علم نبوت نے اپنے اپنے انداز میں یہ مشکل گھاٹی سر کرنے کی کوشش کی ہے(۳) اور قرآن کے ابدی اور حیات بخش پیغام کو خلوص دل اور اپنی اعلیٰ علمی استعداد کے ساتھ قارئین تک منتقل کیا ہے' یہی سبب ہے کہ ہر ترجمہء قرآن کا اپنا رنگ اور اپنی خوشبو ہے جو قرآن کے متوالوں کے مشام جاں کو معطر کر رہی ہے۔(۴)

برصغیر پاک وہند میں قرآن کریم کے اردو تراجم کی ابتداء سے عام طور پر دو طرح کے تراجم رائج ہیں: ایک تحت اللفظ تراجم اور دوسرے بامحاورہ' ان دونوں اسالیب کی افادیت مسلمہ ہے۔ تحت اللفظ تراجم کی خاصیت یہ ہے کہ ان میں ہر لفظ کا ترجمہ اس کے تحت ذکر کر دیا جاتا ہے' اس قسم کے تراجم کی عبارت غیر مربوط ہوتی ہے اور اسی بناء پر قاری کے قلب ونظر پر کچھ زیادہ گہرے اثرات مرتب نہیں کرتی' بالفاظ دگر جیسا قرآن کا اسلوب طاقتور ہے ترجمہ اتنی طاقت سے اس کی ترجمانی نہیں کر رہا ہوتا(۵) بقول مولانا سید مودودی:

"پہلی چیز جو ایک لفظی ترجمہ کو پڑھتے وقت محسوس ہوتی ہے وہ روانی عبارت' زورِ بیان'

بلاغت زبان اور تاثیرِ کلام کا فقدان ہے' قرآن کی سطروں کے نیچے آدمی کو ایک ایسی بے جان عبارت ملتی ہے جسے پڑھ کر نہ اس کی روح وجد میں آتی ہے نہ اس کے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں نہ اسکی آنکھوں سے آنسو جاری ہوتے ہیں نہ اسکے جذبات میں کوئی طوفان برپا ہوتا ہے نہ اسے یہ محسوس ہوتا ہے کہ کوئی چیز عقل وفکر کو تسخیر کرتی ہوئی قلب وجگر تک اترتی چلی جارہی ہے' اس طرح کا کوئی تاثر رونما ہونا تو درکنار ترجمے کو پڑھتے وقت تو بسا اوقات آدمی یہ سوچتا رہ جاتا ہے کہ کیا واقعی یہی وہ کتاب ہے جس کی نظیر لانے کے لیے دنیا بھر کو چیلنج کیا گیا تھا۔"(۶)

البتہ اس اسلوب کا یہ فائدہ ضرور ہے کہ قاری کو قرآن کے ہر لفظ کا معنی ذہن نشین ہوجاتا ہے اور قرآن کریم کی تلاوت کے دوران میں جب وہ کلمہ دوبارہ اُس کی نظر سے گذرتا ہے تو اُسے اُس کا اندازہ ہوجاتا ہے' وہ بآسانی اُس کا مفہوم سمجھ جاتا ہے اور یوں اُس میں قرآن فہمی کی استعداد پیدا ہوجاتی ہے۔(۷)

قرآن کریم کے اردو تراجم کا دوسرا اسلوب اُس کا بامحاورہ ترجمہ کرنا ہے' اس اسلوب میں مترجم کے پیشِ نظر قرآنی مفاہیم ومعانی کا زیادہ بہتر طور پر ابلاغ وتفہیم ہوتی ہے' اسی بناء پر مترجم الفاظ کا ترجمہ نمبر ا تحت اللفظ نہیں کرتا ہے نمبر ۲ وہ اردو زبان کے محاورہ کا دھیان رکھتے ہوئے اپنی بات کو یا قرآن کے معنی کو قاری تک پہنچانے کیلئے اپنا زورِ بیان وقلم صرف کرتا ہے۔ اس قسم کے تراجم کا قاری قرآن کے الفاظ کا معنی تو نہیں جان سکتا کہ اس لفظ کا کیا معنی ہے لیکن وہ قرآن کے مفہوم اور اسکے مقصد کو سمجھنے میں زیادہ آسانی محسوس کرتا ہے۔(۸) اس قسم کے ترجمہ کرنے والے پر لازم ہوتا ہے کہ اُسے عربی زبان پر مکمل عبور کے ساتھ ساتھ اردو زبان پر بھی مکمل دسترس ہو۔

ان دونوں اسالیب سے ہٹ کر کچھ علماءِ ترجمہ نے یہ کوشش کی کہ انہوں نے تحت اللفظ ترجمہ کے قریب رہتے ہوئے اُسے زیادہ آسان اور سلیس بنانے کی کوشش کی' انہیں تراجم میں سے ایک زیرِ نظر ترجمہ قرآن کریم ہے جو مولانا شبیر احمد رحمہ اللہ نے کیا۔

مترجم کا مختصر تعارف

مولانا سید شبیر احمد ۲۰ اکتوبر کو آگرہ (یوپی) میں پیدا ہوئے' ۱۹۳۴ میں لاہور کے ایک معروف دینی مدرسہ حزب الاَحناف سے ۱۴ سال کی عمر میں درس نظامی کی تکمیل کی' بعدازاں پنجاب یونیورسٹی کے امتحانات عربی فاضل' منشی فاضل' اور ادیب فاضل پاس کیے' پھر اسی مدرسہ میں مدرس مقرر ہوئے اور تدریس کے فرائض سرانجام دیتے رہے' اس کے ساتھ ساتھ ۱۹۴۷ میں ادارہ تعلیم نسواں قائم

کیا جہاں خواتین کو مشرقی زبانوں، اقبالیات اور دیگر علوم کی تعلیم دی جاتی تھی۔

قیامِ پاکستان کے بعد علامہ محمد اسد (۹) کی سربراہی میں حکومت پاکستان کے قائم کردہ محکمہ احیاءِ ملت اسلامیہ میں بحیثیت ریسرچ سکالر کام کرتے رہے، محکمہ کی بندش کے بعد کچھ عرصہ کاروبار بھی کیا، ۱۹۵۵ء سے ۱۹۷۰ء تک شدید علالت کی بناء پر صاحب فراش رہے۔ بعد ازاں سعودی ثقافتی قونصل خانہ لاہور میں تقریباً دس برس تک مختلف علمی خدمات سرانجام دیں، ۱۹۸۲ء سے ۱۹۸۶ء تک ادارہ معارف اسلامی سے منسلک رہے، ۱۹۸۸ء میں دورنگوں میں اس ترجمہ قرآن حکیم کا آغاز کیا جو ۱۹۹۳ء میں تکمیل کو پہنچا، علاوہ ازیں اُنہوں نے درسِ قرآن حکیم کا سلسلہ بھی جاری رکھا، اس کے علاوہ مندرجہ ذیل عربی کتب کے تراجم بھی کیے۔

اللؤلؤ والمرجان	فؤاد عبدالباقی
تعریف عام بدین الاسلام (اسلام کا عام فہم تعارف)	شیخ علی طنطاوی
ھل نحن مسلمون (کیا ہم مسلمان ہیں)	محمد قطب شہید
خصائص التصور الاسلامی ومقوماتہ (اسلامی نظریہ کی خصوصیات اور اصول)	محمد قطب شہید
کتاب التوحید	شیخ محمد بن عبدالوھاب
کتاب العقاید	امام حسن البناء شہید
الاسلام بین جھل أبناءہ وعجز علماءہ (مسلمانوں کی بے خبری اور علماء کی بے بسی)	شیخ عبدالقادر عودہ شہید
فقہ النساء	عطیہ خمیس

۱۹۹۱ء میں بانی کی حیثیت سے قرآن آسان تحریک کی بنیاد رکھی، ۲۰۰۰ء تک تاحیات صدر کی حیثیت سے اس تحریک کو چلاتے رہے، اور ۲۰ جنوری ۲۰۰۱ء میں خالق حقیقی سے جا ملے۔ (۱۰)

خصائص

زیرِ بحث ترجمہ اس لحاظ سے باقی تراجم سے منفرد ہے کہ یہ ترجمہ مولانا شبیر صاحب نے خود نہیں کیا بلکہ متعدد علماء کے تراجم لیکر اُن میں سے جو اُنہیں آسان اور قرآنی اَلفاظ کے قریب تر نظر آیا کو اختیار فرما لیا۔

مولانا اس بارے میں رقم طراز ہیں:

"اس صورت حال کے پیش نظر ایک مدت سے کچھ احباب کا تقاضا تھا کہ طالبین قرآن

مجید کیلیے کوئی ایسا ترجمہ مرتب ہو جائے جس سے وہ قرآن کے مطالب و مفاہیم کو تفہیم اور ترجمانی کے انداز میں پوری طرح سمجھ بھی سکیں، یہ بھی معلوم ہوتا جائے کہ عربی کے کس لفظ کے کیا معنی ہیں، اور اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی اندازہ ہوتا جائے کہ عربی الفاظ کی ترتیب و ترکیب کے انداز سے یہ معنی و مفہوم پیدا ہوتا ہے۔"(۱۱)

اس اعتبار سے یہ ایک منفرد کوشش ہے کہ یہ بہت سے تراجم کا خلاصہ اور اُن کا لب لباب ہے، ہم اسے مجمع التراجم کہہ سکتے ہیں. مولانا نے اردو زبان میں پہلے سے موجود آٹھ مستند تراجم کو سامنے رکھتے ہوئے اُن میں سے "یسروا ولاتعسروا" کے اُصول پر عمل پیرا ہو کر ہر آیت کے قریب تر معنی اور آسان تر مفہوم کو لیا ہے، (۱۲) اور وہ تراجم مندرجہ ذیل اُصحاب کے ہیں۔

شاہ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ (۱۳)

شیخ الہند مولانا محمود الحسن رحمۃ اللہ علیہ (۱۴)

شاہ رفیع الدین رحمۃ اللہ علیہ (۱۵)

مولانا سید اُبوالاً علی مودودی رحمۃ اللہ علیہ (۱۶)

مولانا امین احسن اصلاحی رحمۃ اللہ علیہ (۱۷)

علامہ وحید الزمان رحمۃ اللہ علیہ (۱۸))

مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ (۱۹)

مولانا شبیر احمد نے ترجمہ کرتے وقت اس بات کا دھیان رکھا کہ مندرجہ بالا تراجم میں سے جو ترجمہ اُنہیں موقع کی مناسبت سے قرآنی متن کے قریب تر نظر آیا، اور جس میں زیادہ ابلاغ پایا جاتا تھا اس کو اختیار کیا، چنانچہ اس ترجمہ میں مولانا اصلاحی کی لغت و انشاء کی سطوت ہے تو سید مودودی کی سادگی و روانی زبان کے حسن و ادب کی چاشنی اور مولانا اُشرف علی تھانوی کی سلاست زبان و فصاحت و صحت بیان ہے، الغرض اس میں کامل ابلاغ ہے، کہیں پیچیدگی نہیں، کوئی تعقید نہیں، بلکہ یوں کہیے کہ فصاحت و بلاغت کا نمونہ ہے۔

اس ترجمہ میں مولانا نے یہ جدت بھی کی ہے کہ اس کی طباعت میں انہوں نے دو رنگوں کا استعمال کیا ہے سرخ اور نیلا، اور اس کی وجہ شاید یہ ہے کہ ان دونوں رنگوں میں وہ لوگ بھی بآسانی تمییز کر سکتے ہیں جو Clour Blind ہوتے ہیں، اور مختلف رنگوں میں فرق نہیں کر پاتے۔ اس ترجمہ میں رنگوں کی ترتیب کچھ یوں رکھی گئی ہے کہ قرآنی آیات کے متن کا جتنا حصہ سرخ رنگ سے لکھا گیا ہے اُس کے سامنے اُس کا ترجمہ بھی سرخ رنگ سے لکھا گیا ہے اور جس حصے کو نیلے رنگ سے لکھا گیا ہے اُس کا ترجمہ بھی نیلے رنگ میں تحریر کیا گیا ہے تاکہ قاری کیلئے اُس لفظ کو سمجھنے میں آسانی رہے. مزید برآں نیلے

اور سرخ رنگ کا امتزاج آنکھوں کو اور دیکھنے والوں کو بھلا لگتا ہے' وجہ شادابی قلب ہے اور " تسر الناظرین " کی عملی تفسیر دکھائی دیتا ہے.(۲۰)

اس ترجمہ کے lay out میں بھی اُنہوں نے یہ کاوش کی ہے کہ ایک کالم میں متن اور دوسرے کالم میں ترجمہ لکھا ہے. عام طور پر قرآنی تراجم میں یہ اسلوب اختیار کیا گیا ہے کہ قرآن کریم کی آیت مبارکہ ایک سطر میں جبکہ اس کا ترجمہ اس کے نیچے دوسری سطر میں تحریر کیا جاتا ہے' اور یوں عربی اردو عربی کا تسلسل جاری رہتا ہے. اس ترجمہ قرآن میں اس اسلوب سے ہٹ کر یہ اسلوب اختیار کیا گیا ہے کہ ہر صفحہ کو دو کالموں میں تقسیم کیا گیا ہے جن میں سے پہلے کالم میں قرآنی آیات جبکہ اُس کے مقابل دوسرے کالم میں قرآنی آیت کے سامنے اُس کا ترجمہ تحریر کیا گیا ہے۔ اور یوں اس اسلوب سے قاری کیلیے آسانی ہوگئی ہے کہ اگر وہ صرف قرآنی متن کی تلاوت کی سعادت حاصل کرنا چاہتا ہے تو وہ بغیر کسی انقطاع کے اسے جاری رکھ سکتا ہے' اور اگر وہ صرف ترجمہ پڑھنا چاہتا ہے تو یہ بھی اُس کیلئے ممکن ہے۔ اسی طرح اگر وہ دونوں چیزوں کا متلاشی ہے تو یہ دونوں بھی اس کیلیے ممکن ہیں. مثلاً سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر۱۳ کا ترجمہ یوں کیا گیا ہے.

واذا قیل ***لھم*** امنوا	***اور جب*** کہا جاتا ہے ***اُن سے*** کہ ایمان لاؤ
کما امن ***الناس*** قالوا	***جس طرح*** ایمان لائے ***اور لوگ تو*** کہتے ہیں
أنؤمن کما ***امن***	***کہ کیا ایمان لائیں ہم*** جس طرح ***ایمان لائے***
السفھاء ***ألا*** انھم ھم	بیوقوف ***خبردار*** حقیقت میں یہی لوگ ہیں
السفھاء ولکن ***لا یعلمون*** (۲۱)	***بیوقوف***' لیکن ***جانتے نہیں***

(قرآنی متن میں جن الفاظ کو Bold اور ITALIC کیا گیا ہے یہ الفاظ سرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں جبکہ باقی الفاظ نیلے رنگ میں ہیں)

اس ترجمہ میں یہ بھی کاوش کی گئی ہے کہ ہر سورت کے شروع میں اس کی آیات ورکوع کی تعداد' اور قرآن کریم میں ترتیب کے اعتبار سے اس کے نمبر کے ساتھ ساتھ اسکی ترتیب نزولی بھی ذکر کی گئی ہے' اسی طرح یہ بھی بتلایا گیا ہے کہ یہ سورت مکی ہے یا مدنی' مثلاً سورۃ العلق کی ابتداء میں بتایا گیا ہے کہ یہ سورہ مکی ہے' اسکی ۱۹ آیات' ایک رکوع اور موجودہ قرآنی ترتیب کے اعتبار سے اسکا نمبر ۹۶ ہے جبکہ ترتیب نزولی کے اعتبار سے یہ قرآن کی پہلی سورت ہے۔(۲۲)

اس ترجمہ کو صاحب ترجمہ نے نہ تو کلی طور پر لفظی ترجمہ رکھا ہے اور نہ ہی بامحاورہ ترجمانی کی ہے۔ بلکہ یہ ترجمہ لفظی ترجمہ کے قریب رہتے ہوے اُسے سلیس اور قابل فہم بنانے کی ایک کاوش

ہے۔ چونکہ اردو کا اسلوب عربی کے اسلوب سے نسبتاً مختلف ہے اسی بناء پر ہمیں جا بجا ترجمہ میں قوسین کا استعمال دکھائی دیتا ہے، تاکہ قاری کو پتہ چل سکے کہ اس جگہ کوئی لفظ محذوف ہے یا قرینے سے معنی پیدا ہوتا ہے، مثلاً سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر:۲

"ذلک الکتاب لا ریب فیه هدی للمتقین"

کا ترجمہ یوں کیا گیا ہے:

"یہ اللہ کی کتاب ہے نہیں کوئی شک اس (کے کتاب الٰہی ہونے) میں، ہدایت ہے (اللہ سے) ڈرنے والوں کیلئے" (۲۳)

اسی طرح سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر ۱۸

"صم بکم عمی فهم لا یرجعون"

کا ترجمہ یوں کیا گیا ہے:

"بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں لہذا یہ (اب) نہ لوٹیں گے (سیدھے راستے کی طرف)" (۲۴)

اسی طرح مولانا نے ایسے عربی کلمات جو قرآن کریم میں بطور جمع استعمال ہوے ہیں لیکن چونکہ اردو زبان میں اُن کا جمع میں ترجمہ کرنے سے انسانی ذہن میں شکوک وشبہات جنم لے سکتے تھے، کو ترجمہ کرتے وقت واحد رکھا ہے مثلاً سورۃ بقرۃ کی آیت نمبر ۲۲ میں **"فلا تجعلوا لله أندادا وأنتم تعلمون"** کا ترجمہ یوں کیا ہے "پس نہ ٹھہراؤ اللہ کا ہمسر کسی کو" (۲۵) "أنداد" ند کی جمع ہے، اگر لفظی ترجمہ کیا جاتا تو معنی ہوتا تم اللہ کے بہت سے شریک نہ ٹھہراؤ، کوئی کہہ سکتا تھا کہ اللہ کے زیادہ شریک ٹھہرانا تو منع ہیں البتہ ایک دو کی گنجائش ہے، اس احتمال کے بطلان کی خاطر مولانا نے جمع کا ترجمہ واحد میں کیا ہے۔

اسی طرح عربی زبان کے ایسے کلمات جو اردو زبان میں بھی بعینہ مستعمل ہیں، اور عربی سے اردو میں منتقلی کے وقت اُن کے مفہوم میں کوئی تغیر وتبدل واقع نہیں ہوا مولانا نے اُن کے ترجمے کی کوشش نہیں کی ہے کہ جو خود مشکل پسندی کی طرف ایک قدم ہے، چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ اُنہوں نے سورۃ الفاتحہ کی آیت نمبر:۳ "ملک یوم الدین" میں مالک کا ترجمہ مالک ہی رکھا ہے اور ترجمہ یوں کیا ہے:

مالک روز جزا کا (۲۶)

اسی طرح **"الحمد لله رب العلمین"** میں رب کا ترجمہ نہیں کیا ہے بلکہ رب ہی رہنے دیا گیا ہے، ترجمہ یوں ہے:

"سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو رب ہے سب جہانوں کا"' (۲۷) اسی طرح دوسرے کلمات ہیں مثلا: جنت جہنم دین وغیرہ.

اسی طرح عربی زبان کے بعض کلمات ایسے ہیں کہ عربی سے اردو میں ترجمہ کرنے سے اُن کا مفہوم مکمل طور پر منتقل نہیں ہوتا اس لیے مولانا نے ان کلمات کا ترجمہ کرتے وقت عربی الفاظ کو ہی ترجمہ میں اختیار کیا ہے' چنانچہ "عذاب عظیم" کا ترجمہ سورہ بقرہ کی آیت نمبر:۷ "**ختم الله علی قلوبهم وعلی سمعهم وعلی ابصارهم غشاوة ولهم عذاب عظیم**" میں عذاب عظیم ہی کیا ہے۔

ترجمہ یوں ہے مہر لگا دی اللہ نے ان کے دلوں پر اوران کے کانوں پر اوران کی آنکھوں پر (پڑ گیا ہے) پردہ' اوراُن کیلئے ہے عذاب عظیم۔(۲۸)

اسی طرح سورہ فجر کی آیت نمبر:۲۷ میں "**یاأیتها النفس المطمئنة**" کا ترجمہ یوں ہے "اے نفس مطمئنہ"۔(۲۹)

چونکہ یہ ترجمہ جیسا کہ اوپر ذکر ہوا مکمل طور پر لفظی ترجمہ نہیں ہے بلکہ الفاظ کے قریب تر ہے اسی لیے ایسی نحوی تراکیب کہ جن میں عربی اور اردو کا اسلوب مختلف ہے صاحب ترجمہ نے اردو تراکیب کا دھیان رکھا ہے۔مثلاً اردو زبان میں مضاف الیہ عربی زبان کے برعکس مضاف پر مقدم ہوتا ہے اسی لیے مولانا نے ترجمہ کرتے وقت اردو اسلوب کا ہی التزام کیا ہے. مثال کے طور پر سورۃ مریم کی آیت نمبر۵۴:

"**واذكر فی الکتاب اسماعیل إنه كان صادق الوعد وكان رسولا نبیا**" میں "**صادق الوعد**" کا ترجمہ کیا ہے "وعدے کا سچا"۔(۳۰)

اسی طرح مرکب توصیفی میں اردو زبان میں عربی کے برعکس چونکہ صفت پہلے آتی ہے اسی لیے ترجمہ کرتے وقت صفت کا ترجمہ پہلے کیا گیا ہے مثلا سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۰:

"**فی قلوبهم مرض فزادهم الله مرضا ولهم عذاب أليم بما كانوا يكذبون**"

میں"**عذاب أليم**" کا ترجمہ کیا گیا ہے "دردناک عذاب"۔(۳۱)

اسی طرح جار مجرور میں بھی اگرچہ عربی زبان میں جار پہلے اور مجرور بعد میں آتا ہے لیکن مولانا نے اردو ترکیب کو مدنظر رکھتے ہوے مجرور کا ترجمہ پہلے اور جار کا ترجمہ بعد میں کیا ہے مثلا سورۃ الناس کی آیت نمبر۶ میں "من الجنۃ" کا ترجمہ کیا ہے "وہ جنوں میں سے ہو". اس جملے میں من حرف جار کا ترجمہ بعد میں ہے۔(۳۲)

ترجمہ قرآن کی بابت بعض امور کی نشاندہی وتجاویز

کلام الٰہی کا ترجمہ ایک عظیم الشان اور تھکا دینے والا صبر آزما کام ہے' اس کیلیے برس ہا برس کی محنت درکار ہوتی ہے اور آنکھوں سے پانی کی جگہ خون بہانے کی ضرورت پڑتی ہے' ہم جانتے ہیں کہ ہر ذی شان کام کی انجام دہی میں کہیں نہ کہیں کچھ نہ کچھ بھول چوک' اور غلطی کا احتمال رہتا ہے' اور انسان تو نام ہی بھول چوک کا ہے' البتہ یہ بھول چوک اُس کام کی علمی اہمیت اور افادیت کو کم نہیں کرتی' چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ چونکہ مولانا کے پیش نظر ترجمہ کو آسان سے آسان تر بنانا تھا اس لیے مولانا نے مذکورہ بالا تراجم میں سے جس ترجمہ کو عربی نص کے قریب تر پایا اُس کو ذکر فرمایا ہے۔اسی بناء پر بعض مقامات پر ہمیں نظر آتا ہے کہ مولانا نے مقدمہ میں ترجمہ کے جن خصائص کا اظہار فرمایا ہے اُن کا ترجمہ میں التزام کم ہے' مثال کے طور پر بعض جگہوں پر موصوف صفت کے ترجمہ میں اردو ترکیب کا دھیان نہیں رکھا گیا مثلاً سورہ فاتحہ کی آیت نمبر۵ **"اهدنا الصراط المستقيم"** میں آپ نے ترجمہ کیا ہے "دکھا ہم کو راستہ سیدھا" (۳۳) حالانکہ مولانا نے جو اصول مقدمہ میں وضع فرمائے ہیں اُن کے مطابق اس آیت کا ترجمہ ہونا چاہیے تھا "دکھا ہمیں سیدھا راستہ"' اسی طرح سورہ بقرہ کی آیت نمبر ۲۵ میں **"ولهم فيها أزواج مطهرة"** کا ترجمہ کیا ہے" وہاں بیویاں ہوں گی پاکیزہ" (۳۴) حالانکہ ترجمہ ہونا چاہیے تھا" وہاں اُن کیلیے پاکیزہ بیویاں ہوں گی"' اسی طرح سورۃ التین کی آیت نمبر:۳ **"وهذا البلد الأمين"** کا ترجمہ یوں کیا ہے "اور اس شہر امن والے کی" (۳۵).جبکہ ترجمہ یوں ہونا چاہیے:"اور اس امن والے شہر کی"۔

اسی طرح ایک ہی ترکیب کا ترجمہ کرتے وقت کہیں موصوف کا ترجمہ پہلے اور کہیں صفت کا ترجمہ پہلے کیا ہے' مثلاً سورۃ البقرہ کی آیت نمبر۱۰۴ میں "وللکفرین عذاب أليم" کا ترجمہ کیا ہے "اور کافروں کیلیے ہے عذاب دردناک" (۳۶) جبکہ سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۱۷۴ اور ۱۷۸ میں "عذاب أليم" کا ترجمہ کیا ہے "دردناک عذاب"۔(۳۷)

اسی طرح قرآن کے بعض کلمات کو مولانا نے اردو میں ترجمہ نہیں کیا ہے حالانکہ وہ عربی کلمات اردو میں رائج اور مستعمل نہیں ہیں' مثلاً سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۶۵ **"ولقد علمتم الذين اعتدوا منكم في السبت"** کا ترجمہ یوں کیا ہے "اور البتہ خوب جانتے ہو تم ان لوگوں کا قصہ جنہوں نے توڑا تھا تم میں سے سبت کا قانون"' (۳۸) زیادہ بہتر ہوتا اگر مولانا "سبت" کا ترجمہ کردیتے کیونکہ یہ کلمہ اردو میں مستعمل نہیں ہے۔

اسی طرح بعض جگہوں پر زیادہ مناسب تھا کہ کچھ تشریحی کلمات کو مولانا اپنی عادت کے

مطابق بین القوسین رکھتے لیکن مولانا نے ایسا نہیں کیا ہے مثلاً سورۃ الإخلاص کی آیت نمبر ۲ میں "الله الصمد" کا ترجمہ مولانا نے کیا ہے "اللہ بے نیاز ہے سب اس کے محتاج"۔(۳۹) زیادہ بہتر ہوتا اگر مولانا اس جملے "سب اس کے محتاج" کو بین القوسین رکھتے۔

اسی طرح قرآنی کلمات جو قرآن میں بارہا استعمال ہوئے ہیں ان کا مولانا نے بعض جگہ ترجمہ کیا ہے جبکہ بعض جگہ انہیں ویسے ہی رہنے دیا ہے زیادہ بہتر ہوتا اگر مولانا اس بارے میں ایک ہی طریقہ کار کا التزام فرماتے۔ مثلاً بنی اسرائیل کا کلمہ قرآن میں متعدد مقامات پر آیا ہے مولانا نے کہیں اس کا ترجمہ بنی اسرائیل کیا ہے(۴۰) اور کہیں اولاد یعقوب۔(۴۱) اسی طرح سورۃ الانفطار کی آیت نمبر ۱۵ میں "یصلونہا یوم الدین" کا ترجمہ مولانا نے کیا ہے" داخل ہوں گے وہ اس میں جزا وسزا کے دن" (۴۲) دوسری جگہ سورہ الغاشیہ کی آیت نمبر ۴ میں" تصلی ناراحامیہ" کا ترجمہ کیا ہے جھلس رہے ہوں گے وہ دہکتی آگ میں (۴۳) اور سورۃ الانشقاق کی آیت نمبر ۱۲ میں "ویصلی سعیرا" کا ترجمہ کیا ہے "اور جا پڑے گا دہکتی آگ میں" (۴۴) زیادہ بہتر ہوتا اگر مولانا تمام کلمات (یصلونہا، تصلی، یصلی) کا مذکورہ آیات میں ایک ترجمہ رکھتے، اور یوں ترجمہ میں یکسانیت برقرار رہتی۔

اسی طرح سورہ بقرہ کی آیت نمبر ۳۸ میں "فإما یأتینکم منی هدی" کا ترجمہ یوں کیا ہے "اب ہوگا یہ کہ ضرور آئے گی تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت"، (۴۵) اس ترجمہ میں" اب ہوگا یہ کہ ضرور آئے گی" عبارت قرآنی متن سے مطابقت نہیں رکھتی، بہتر ہوتا کہ مولانا اس عبارت کو بین القوسین رکھتے۔

اسی طرح بعض جگہ پر قرآنی آیت کے شان نزول کو مدنظر رکھتے ہوئے قرآنی الفاظ کے مفہوم کو ترجمہ کی جگہ ذکر کیا گیا ہے، مثلاً سورۃ البروج کی آیت نمبر: ۱۰ "إن الذين فتنوا المؤمنين والمؤمنت" کا ترجمہ مولانا نے یہ کیا ہے "بے شک وہ لوگ جنہوں نے آگ میں جلایا مؤمن مردوں اور عورتوں کو" (۴۶) کلمہ" فتنوا" کا معنی ہے جنہوں نے آزمائش میں ڈالا، چونکہ یہ آیت اُن لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی تھی جنہوں نے بعض مسلم صحابہ کو جلا ڈالا تھا اس بات کی بناء پر مولانا نے" فتنوا" کا ترجمہ آگ میں جلانا کیا ہے. اسی طرح سورۃ القارعہ میں "القارعه" کا معنی مولانا نے کیا ہے "وہ عظیم حادثہ" (۴۷) جو کہ اس لفظ کا معنی نہیں بنتا البتہ اس سے یہ مراد لیا جا سکتا ہے۔

ترجمہ کی پروف ریڈنگ پر ابھی مزید محنت کی ضرورت ہے مثلاً سورۃ فاتحہ کی آیات کی نمبرنگ نہیں کی گئی ہے (۴۸) اسی طرح المسجد الحرام کا ترجمہ کہیں مسجد حرام (۴۹) اور کہیں مسجد الحرام (۵۰) کیا گیا ہے۔

عربی زبان کا قاعدہ ہے کہ جب حرف إذا ماضی سے پہلے آتا ہے تو وہ ماضی کے معنی کو مضارع یعنی مستقبل میں بدل دیتا ہے مولانا نے بعض جگہ پر اس اصول کی پیروی کی ہے جیسے سورۃ التکویر کی آیت نمبر:۱ میں "إذا الشمس کورت" کا ترجمہ کیا ہے "جب سورج لپیٹ دیا جائے گا" (۵۱) اور سورۃ الانشقاق کی آیت نمبر:۱ میں "إذا السماء انشقت" کا ترجمہ کیا ہے "جب آسمان پھٹ جائے گا" (۵۲) لیکن سورۃ الانشراح کی آیت نمبر:۷ میں "فإذا فرغت فانصب" کا ترجمہ ماضی میں کیا ہے، اور وہ یوں کیا ہے "پھر اب جب کہ فارغ ہو چکے ہو تم تو محنت کرو (فرائض نبوت میں)" (۵۳) جو کہ مناسب نہیں ہے۔

بہر حال اس مقالے میں جن باتوں کی طرف اشارہ کیا گیا ہے وہ معمولی نوعیت کی ہیں، ہر بڑے کام میں کچھ نہ کچھ کمی ہمیشہ رہ ہی جاتی ہے، اور یہ کسی طور پر بھی اس علمی کام کی اہمیت وافادیت کو کم نہیں کرتی، یہی وجہ ہے یہ ترجمہ عامۃ الناس میں بہت مقبول ہے۔ وآخر دعوانا أن الحمد للہ رب العلمین۔

حواشی وحوالہ جات

۱- اعوان، محمد اکرم، مولانا، أسرار التنزیل، چکوال، ادارہ نقشبندیہ اویسیہ، بار چہارم، جولائی ۱۹۹۷ء، جلد نمبر ۱، ص:ح۔

۲- أیضا، ص:ک۔

۳- شبیر احمد، مولانا، قرآن حکیم، اردو ترجمہ، اٹھائیسواں ایڈیشن، اگست، ۲۰۰۵ء، قرآن آسان تحریک (رجسٹرڈ) لاہور، پیش لفظ، ص:ج۔

۴- میاں، افتخار الحسن، ''ترجمہ قرآن -قرآن فہمی کا ایک پہلو (تفسیر ضیاء القرآن کا خصوصی مطالعہ''، مشمولہ فکر ونظر، خصوصی اشاعت، برصغیر میں مطالعہ قرآن، اسلام آباد، ادارہ تحقیقات اسلامی، جلد نمبر ۳۶، شمارہ نمبر:۳-۴، ۱۹۹۹ء، ص:۳۲۱۔

۵- أیضا، ص:۳۱۲۔

۶- مودودی، أبو الأعلیٰ، تفہیم القرآن، لاہور، مکتبہ تعمیر انسانیت، بارھواں ایڈیشن، نومبر ۱۹۷۴ء، جلد اول، ص:۷۔

۷- أیضا۔

۸- میاں، افتخار الحسن، مقالہ مذکور، ص:۳۱۲۔

۹- دستور پاکستان کا پہلا خاکہ مرتب کرنے والے‘ نومسلم مفکر‘ مصنف‘ مبلغ جو جولائی ۱۹۰۰ء میں پولینڈ میں ایک یہودی ربی خاندان میں پیدا ہوئے خاندانی روایات کے مطابق بچپن میں عبرانی اور آرامی زبانیں سیکھیں‘ ۱۹۲۶ء میں مشرف بہ اسلام ہوئے آپ نے فروری ۱۹۹۲ء میں وفات پائی اور ہسپانیہ کے قبرستان میں مدفون ہوئے آپ کی زیادہ مشہور کتابیں مندرجہ ذیل ہیں:

1- The Road To Mecca.   2- Islam at the crossroad.

۱۰- مولانا شبیر احمد رحمہ اللہ کے بیٹے صفدر صاحب سے انٹرویو۔

۱۱- شبیر احمد‘ مولانا‘ قرآن حکیم‘ اردو ترجمہ‘ پیش لفظ‘ ص: د‘ مولانا نے ’’پیش لفظ‘‘ کے عنوان کے تحت اس ترجمہ کے خواص گنوائے ہیں۔ہم نے اس مقالے میں زیادہ تر انہیں کو موضوع بحث بنایا ہے۔

۱۲- أیضا‘ ص: ھ‘و۔

۱۳- شاہ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ ۱۱۶۷ھ میں پیدا ہوئے‘ آپ شاہ ولی اللہ کے تیسرے صاحبزادے ہیں‘ آپ پہلے شخص تھے جنھوں نے قرآن پاک کا بامحاورہ اردو میں ترجمہ کیا اور اس کا نام موضح القرآن رکھا جو ۱۷۹۱ء بمطابق ۱۲۰۵ھ میں مکمل ہوا‘ یہ ترجمہ مفصل اور محشی ہے اس لیے مطالب القرآن کو بھی اچھی طرح سے واضح کرتا ہے اور اردو کی ایک بلند پایہ تصنیف سمجھا جاتا ہے‘ آپ نے دہلی میں ۱۲۳۰ھ میں وفات پائی۔ دیکھیے: فیروز سنز‘ اردو انسائیکلوپیڈیا‘ فیروز سنز‘ لاہور‘ تیسرا ایڈیشن‘ ۱۹۸۴ء‘ ص: ۶۳۳۔

۱۴- آپ ۱۲۶۸ھ بمطابق ۱۸۵۱ء میں دیوبند کے ایک نامور عالم دین مولانا ذوالفقار علی کے ہاں پیدا ہوئے‘ جب مولانا قاسم نانوتوی رحمہ اللہ نے دیوبند میں مدرسہ ۱۵ محرم ۱۲۸۳ھ کو قائم کیا تو مولانا محمود اس کے پہلے شاگرد تھے.رہے‘ ۱۳۳۵ء کے آغاز میں آپ کو گرفتار کر کے مالٹا بھجوادیا گیا‘ ۱۹۳۸ء میں رہا ہوئے‘ مالٹا کی اسیری کے دوران قرآن کا ترجمہ مکمل کیا اور اس پر سورہ مائدہ تک حواشی لکھے‘ جبکہ باقی پر مولانا سید شبیر أحمد عثمانی نے حواشی لکھے‘ آپ نے ۳۰ نومبر ۱۹۲۰ء کو دیوبند میں انتقال فرمایا۔ دیکھیے: قاسم محمود‘ سید‘ شاہکار اسلامی انسائیکلوپیڈیا‘ لاہور‘ الفیصل ناشران وتاجران کتب‘ آٹھواں ایڈیشن‘ اکتوبر ۲۰۰۵ء‘ جلد دوم‘ ص: ۱۴۶۱)۔

۱۵- مفسر ومحدث اور شاہ ولی اللہ کے دوسرے صاحبزادے جو ۱۷۴۹ء میں پیدا ہوئے‘ آپ عالم متبحر‘ درویش سیرت بزرگ اور بلند پایہ مفسر ومحدث تھے‘ قرآن پاک کا ترجمہ وتفسیر ان کی یادگار ہیں‘ آپ نے ۱۸۱۷ء میں داعی أجل کو لبیک کہا۔ دیکھیے: فیروز سنز‘ اردو انسائیکلوپیڈیا‘ ص: ۶۳۲۔

۱۶- جماعت اسلامی کے بانی اور امیر، اور روشن خیال عالم دین جو ۱۹۰۳ء میں پیدا ہوئے، آپ اعلی درجے کے انشا پرداز، بلند پایہ مفکر، مقرر، عالم بزرگ ہیں، آپ نے متعدد دینی وسیاسی مسائل پر متعدد کتب لکھیں، آپ نے ۱۹۷۹ء میں وفات پائی. دیکھیے : فیروز سنز، اردو انسائیکلو پیڈیا، ص: ۹۶۰۔

۱۷- عالم دین اور ماہر قرآنیات جو بھارت کے صوبہ اتر پردیش کے ایک گاؤں بہوڑ، ضلع اعظم گڑھ میں ۱۹۰۴ء میں پیدا ہوئے، دینی وعصری تعلیم مدرسۃ الاصلاح، سرائے میر سے حاصل کی، اسی مدرسہ کے حوالے سے اصلاحی کہلوائے، قیام پاکستان کے بعد لاہور آئے اور جماعت اسلامی کیلیے وقف ہو کر کام کیا، بعض اختلافات کی بناء پر ۱۹۵۷ء میں جماعت سے علیحدگی اختیار کر لی، علیحدگی کے بعد تفسیر لکھنے کا کام شروع کیا جو تقریبا ۲۳ برس کی محنت شاقہ کے بعد "تفسیر تدبر قرآن" کے نام سے ۹ جلدوں میں مکمل ہوئی، مولانا ۱۵ دیسمبر ۱۹۹۷ء میں راہی ملک عدم ہوے۔ دیکھیے : قاسم محمود، سید، شاہکار اسلامی انسائیکلو پیڈیا، جلد اول، ص: ۲۷۳۔

۱۸- عالم دین اور محدث جو ۱۷ رجب ۱۲۶۷ھ بمطابق ۱۸۵۰ء میں بمقام کانپور (صوبہ یوپی، ہندوستان) میں پیدا ہوے اور ۲۵ شعبان ۱۳۳۸ھ بمطابق ۱۵ مئ ۱۹۲۰ء میں آصف نگر میں فوت ہوے اور وقار آباد ضلع حیدر آباد دکن ہند میں مدفون ہوئے، آپ شاعر بھی تھے، اردو اور عربی دونوں میں آپ کے اشعار ملتے ھیں. آپ نابغہ ء روزگار تھے، مؤلفات کی تعداد ۱۰۰ کے لگ بھگ بتائی جاتی ہے جن میں سے اہم موضحۃ القرآن (بامحاورہ ترجمہ قرآن مجید) تفسیر وحیدی، تبویب القرآن فی مضامین الفرقان، تیسیر الباری ترجمہ صحیح البخاری مع حواشی، راہ نجات وغیرہ ہیں، تفصیل کیلیے دیکھیے: عبدالحی، مولانا، نزہۃ الخواطر، دار ابن حزم، بیروت، بار اول: ۱۴۲۰ھ/ ۱۹۹۹ء، جلد ثالث، ص: ۱۳۹۹. ونواب وحید الزمان، علامہ، تبویب القرآن فی مضامین الفرقان، لاہور، نعمانی کتب خانہ، بار اول، ۱۹۸۳ء، جلد اول، ص: ز تا ی۔

۱۹- مشہور عالم دین، حکیم الأمت، مجدد الملت جو ۱۸۶۳ء میں تھانہ بھون ضلع مظفر نگر (بھارت) میں پیدا ہوئے، آپ کی تصانیف کی تعداد آٹھ سو کے قریب ہے، جن میں بہشتی زیور بہت زیادہ مشہور ہوا، لیکن آپ کا سب سے بڑا کارنامہ قرآن حکیم کا ترجمہ اور تفسیر (بارہ جلدوں میں) ہے، آپ نے ۱۹۴۳ء میں وفات پائی. دیکھیے: فیروز سنز، اردو انسائیکلو پیڈیا، ص: ۸۶۔

۲۰- شبیر احمد، مولانا، قرآن حکیم، اردو ترجمہ، پیش لفظ، ص: و۔

۲۱- أیضا، ص:۵۔

۲۲- أیضا، ص:۱۰۶۶۔

۲۳- أیضا، ص:۳۔

۲۴- أیضا، ص:۶۵۔

۲۵- أیضا، ص:۷۔

۲۶- أیضا، ص:۲۔

۲۷- أیضا، ص:۲۔

۲۸- أیضا، ص:۴۔

۲۹- أیضا، ص:۱۰۵۹۔

۳۰- أیضا، ص:۵۲۵۔

۳۱- أیضا، ص:۴۔

۳۲- أیضا، ص:۱۰۷۸۔

۳۳- أیضا، ص:۲۔

۳۴- أیضا، ص:۷۔

۳۵- ایضاً، ص:۱۰۶۵۔

۳۶- أیضا، ص:۲۶۔

۳۷- أیضا، ص:۴۲، ۴۳۔

۳۸- أیضا، ص:۱۶۔

۳۹- أیضا، ص:۱۰۷۷۔

۴۰- أیضا، ص:۲۰، ۳۰، ۶۴، ۷۷، ۴۷۰، ۹۷۔

۴۱- أیضا، ص:۱۱، ۱۲۔

۴۲- أیضا، ص:۱۰۴۵۔

۴۳- أیضا، ص:۱۰۵۵۔

۴۴- أیضا، ص:۱۰۵۰۔

۴۵- أیضا، ص:۱۰۔

۴۶- أیضا، ص:۱۰۵۱، ۱۰۵۲۔

۴۷- أیضا، ص:۱۰۷۱۔

۴۸- أیضا، ص:۲۔

۴۹- أیضا، ص:۳۵، ۴۷۷۔

۵۰- أیضا، ص:۳۷۔

۵۱- أیضا، ص:۱۰۴۲۔

۵۲- أیضا، ص:۱۰۴۹۔

۵۳- أیضا، ص:۱۰۶۵۔

Majallah Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 33, Sr.No.89, 2012, pp 87 - 102

مجلّہ تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد۳۳، اکتوبر۔دسمبر۲۰۱۲ء، شمارہ ۸۹

ڈاکٹر محمود احمد غازیؒ کی خدماتِ حدیث

محبوب الرحمٰن قریشی ☆ ڈاکٹر محمد عبداللہ ☆☆

Abstract:

Dr Mahmood Ahmad Ghazi was a well-known Islamic scholar of 20th century. He was born on 18th September 1950 in New Delhi and died on 26th September 2010 in Islamabad. Although major field of his interest was Fiqh, but his work on Hadith is also commendable. He had a broad and deep study of Hadith literature and discussed its sciences in an effective manner. In his books and lectures, he repealed the objections raised by deniers of the Hadith. He used Quranic verses and Ahadith as arguments in his discussions and deliberations. He criticized the pungent views of orientalists but at the same time appreciated their work on hadith. By elaborating many instances, Dr Ghazi proved that various disciplines of Islamic studies get roots from Ahadith and its allied sciences. He advised his audiences and readers to adopt a research based approach for study of Hadith. At the end we have listed some practical steps to promote the hadith literature as suggested by Dr Ghazi.

ڈاکٹر محمود احمد غازی کا شمار بیسویں صدی کے ان عظیم سکالرز میں ہوتا ہے جنہیں قدرت نے لامحدود صلاحتیں عطا کی ہوئی تھیں پھر ان صلاحیتوں کو کما حقہ انسانیت کے وسیع تر مفاد میں استعمال کرنے کے مواقع بھی فراہم کیے۔ وسعت نظر اور وسعت مطالعہ میں ڈاکٹر غازی اپنا ثانی نہیں رکھتے تھے۔ علوم اسلامیہ کے ہر شعبہ میں تصنیف و تالیف کے جوہر دکھلائے۔ اپنی تصانیف میں وہ گراں قدر معلومات ذخیرہ کیں جن کے لیے کئی اداروں اور کئی شعبہ جات کی ضرورت پڑتی۔

☆ پی۔ایچ۔ڈی اسکالر، شعبہ علوم اسلامیہ وعربی، جامعہ گومل، ڈیرہ اسماعیل خان، پاکستان
☆☆ ایسوسی ایٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ وعربی، جامعہ گومل، ڈیرہ اسماعیل خان، پاکستان

اس مقالہ میں ڈاکٹر غازی کی حدیث اور علم حدیث پر خدمات کا اجمالی تذکرہ کرنے کی کوشش کی جائے گی۔علم حدیث پر آپ کے افکار ونظریات کا احاطہ کرنا آسان نہیں لیکن چند نکات کو مرکز ومحور بنا کر ایک ایسا تصور اجاگر کیا گیا ہے، جس سے آپ کی علم حدیث پر دسترس کا اندازہ ہو سکے۔

علم حدیث پر ڈاکٹر غازی کی اہم پیش رفت آپ کے محاضرات ہیں جو آپ نے حدیث کے عنوان پر ادارہ الھدیٰ انٹرنیشنل ،اسلام آباد کی دعوت پر ارشاد فرمائے جن میں حدیث سے متعلق تمام امور پر سیر حاصل بحث اور سامعین کے سوالوں کے جوابات مرحمت فرمائے۔

حدیث اور سنت:

حدیث اور سنت دو مشہور اصطلاحات ہیں جو محدثین نے رسول اللہؐ کے اقوال وافعال کے لیے استعمال کی ہیں۔ یہ دونوں الفاظ قرآن مجید اور احادیث مبارکہ میں متعدد بار استعمال ہوئے ہیں۔ بعض علمائے کرام، حدیث اور سنت کو باہم مترادف معنوں میں استعمال کرتے ہیں جبکہ بعض کے نزدیک حدیث عمومی معنوں میں استعمال ہوتا ہے اور سنت خاص معنوں میں۔

ڈاکٹر محمود غازی رقمطراز ہیں:

"حدیث تو ہر وہ چیز ہے جو رسول اللہؐ کی ذات مبارک سے منسوب ہوگئی ہو جسمیں ضعیف احادیث بھی شامل ہیں اور موضوع احادیث بھی شامل ہیں۔منکر اور شاذ احادیث بھی۔سنت سے مراد وہ طریقہ ہے جو احادیث صحیحہ کی بنیاد پر ثابت ہوتا ہے، جو رسول اللہؐ کا طے کیا ہوا طریقہ ہے۔

جو آپؐ نے اپنی امت کو سکھایا۔جو قرآن پاک کے منشاء اور معانی کی تشریح کرتا ہے اور جو دنیا میں قرآن پاک کے لائے ہوئے نظام کی عملی تشکیل کرتا ہے۔اس طریقہ خاص کا نام سنت ہے"(۱)۔

ڈاکٹر محمود غازیؒ سنت کے ذیل میں ایک اور نکتہ بیان کرتے ہیں،آپ کے بقول:

"واجب اور فرض کے مقابلہ میں سنت کی جو اصطلاح استعمال ہوتی ہے وہ پہلے معنوں سے مختلف ہے۔ یہاں سنت سے مراد یہ ہے کہ رسول اللہؐ کی تعلیم کا وہ حصہ جو لازمی اور واجب نہیں ہے، جو فرض و واجب نہیں ہے۔اسکو اگر اختیار کیا جائے تو اجر ملے گا اور نہ کیا جائے تو امید ہے کہ اللہ کے ہاں باز پرس نہیں ہوگی"(۲)۔

علمِ حدیث:

حدیث اور سنت سے مراد رسول اللہؐ کے اقوال ، افعال واحوال اور اوصاف ہیں اور علمِ حدیث وہ فن ہے جس کے ذریعے رسول اللہؐ کی طرف منسوب تمام اقوال، افعال اور احوال کی تحقیق کرنا

تا کہ ان کی صحت اور سُقم کی نشاندہی کی جائے۔

علامہ سیوطی علم حدیث کی تعریف بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

علم یعرف به اقوال رسول اللهؐ و افعال و احواله (۳)

وہ علم جس کے ذریعے رسول اللہؐ کے اقوال، افعال اور احوال تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

ڈاکٹر غازیؒ کی خدماتِ حدیث:

ڈاکٹر محمود احمد غازی ایک ہمہ پہلو شخصیت کے مالک تھے دوسرے دینی علوم کی طرح حدیث اور علمِ حدیث پر اپنی خدمات انجام دیں آپ کی طرزِ معاشرت اور بود و باش میں رسول ﷺ کی اسوہ حسنہ کی جھلک دیکھی جاسکتی ہے حدیث کے عنوان پر آپ کی تقریر و تحریر اس کی عکاسی کرتی ہے احادیث کی جمع و تدوین اور تحقیق درحقیقت اِس محبت کا مظہر ہے جو ڈاکٹر محمود غازی کو رسول ﷺ کی ذاتِ گرامی اور آپ کے ارشادات سے تھی ڈاکٹر غازی نے حدیث کے موضوع پر جو خدمات دیں اِن میں سے آپ کے درسِ حدیث، حدیث پر ہونے والے اعتراضات کے خاطر خواہ جوابات موجودہ دور میں حدیث کی ضرورت و اہمیت اور جدید مسائل کے حل میں احادیث کا کردار اجاگر کرنا، جیسے اہم کارنامے شامل ہیں۔

۱) حدیث پر شکوک و اعتراضات کے جوابات:

ہر دور میں ایک طبقہ ایسا موجود رہا جو رسول اللہ ﷺ کی ذاتِ گرامی اور آپ کے مبارک ارشادات کو شک کی نگاہ سے دیکھتا رہا اور مختلف طریقوں سے لوگوں کو بدظن کرنے کی ہر ممکن کوشش کرنا اِس طبقہ کا حدف تھا برصغیر میں بھی ایسے لوگ موجود ہیں جنہوں نے مختلف زبانوں میں حدیث اور علمِ حدیث پر کتبِ تصنیف کیں۔ اور ایسا اسلوب بیان اختیار کیا کے لوگوں میں حدیث کے معاملہ میں شکوک و شبہات پیدا ہونے شروع ہوگئے اور مسلمانوں کا ایمان کمزور ہوتا چلا گیا۔ اِن مصنفین نے احادیث کے ذخیرہ کی ثقاہت کو مشکوک قرار دینے کی کوشش کی، ڈاکٹر غازی نے اِس شبہ کا ازالہ کیا حدیث اور علمِ حدیث کی جمع تدوین اور اِس کی حفاظت میں دنیا کے بہترین دماغوں اور غیر معمولی یاداشت رکھنے والے انسانوں نے اپنی زندگیاں وقف کردیں۔ رسول اللہ ﷺ کے ارشادات پر مختلف زاویوں سے لاکھون انسانوں نے غور و فکر کیا اور یہ سلسلہ عہدِ رسالت سے لے کر آج تک جاری ہے اور تا قیامت اِسی جوش و جذبہ سے جاری رہے گا علم حدیث اِسی طرح کا مستند علم ہے جسے کوئی بھی انسانی علم ہوسکتا یا اس سے زیادہ یقینی ہے حدیث اور قرآن دونوں یقینی اور مستند ذرائع ہیں۔ فرق صرف

یہ ہے کہ قرآن پاک کے الفاظ اللہ کی طرف سے ہیں جبکہ حدیث میں مفہوم اللہ کی طرف سے ہے اور الفاظ رسول اللہؐ کے ہیں دونوں شریعت میں حجت کا درجہ رکھتے ہیں دونوں یقینی بھی ہیں اور محفوظ بھی۔

دوسری غلط فہمی کتب حدیث کے بارے میں پیدا کی جا رہی ہے بعض لوگوں کا خیال ہے کہ احادیث کے مجموعے جو آج کے دور میں مقبول ہیں وہ بہت بعد کی تصنیف ہیں لہٰذا ان کی صداقت میں شکوک وشبہات پیدا ہوتے ہیں کہ محدثین نے مختلف مشہور واقعات کو ان کتب میں جمع کر دیا ہے اور ان کہانیوں کو رسول اللہؐ کی طرف منسوب کر دیا اور مسلمانوں نے عقیدت مندی سے ان کو بطور حدیث مان لیا۔

ڈاکٹر غازیؒ اس کا جواب یوں دیتے ہیں کہ یہ غلط فہمی ایک فرضی خیال ہے جس کی کوئی علمی یا عقلی بنیاد نہیں ہے علم حدیث عہد رسالت ﷺ میں رواج پا چکا تھا آپ ﷺ نے اپنے صحابہ کو ارشاد فرمایا تھا کہ جو کچھ مجھ سے سنو محفوظ کر لیا کرو کیونکہ اس منہ سے سچ کے سوا کچھ نہیں نکلتا اسی طرح ایک اور حدیث کا مفہوم ہے کہ اللہ تعالیٰ اس شخص کو سرسبز وشاداب رکھے جس نے میری بات سنی، اس کو یاد کیا اور اس کو آگے پہنچایا۔ اسی قسم کا ارشاد آپ ﷺ نے حجتہ الوداع کے موقع پر فرمایا تھا کے غائبین تک پہچانا اب تمہارا فرض ہے حضور ﷺ کے ارشادات کو یاد رکھنا اور محفوظ رکھنا بہت فضیلت والا کام ہے لہٰذا اس فضیلت کے حصول کیلئے صحابہ کرام نے آپ ﷺ کی حیات مبارکہ میں ہی اس کام کو شروع کر دیا تھا صحابہؓ کے بعد یہ کام تابعین کے سپرد ہوا اسی طرح تبع تابعین میں ایسے لوگوں کی تعداد ہزاروں میں تھی جنہوں نے احادیث کے مجموعے تیار کیے اور یہی آج ہمارے پاس موجود ہیں لہٰذا یہ سمجھنا کہ احادیث کے ذخائر بعد کی پیداوار ہیں، ہٹ دھرمی کے سوا کچھ نہیں۔

ڈاکٹر غازی نے حدیث اور علم حدیث کی وسعتوں کا ذکر کرتے ہوئے انھیں تمام علوم اسلامیہ کا منبع قرار دیا ہے، مثال کے طور پر چند کا ذکر درج ذیل ہے۔

۲) حدیث اور علم کلام:

ڈاکٹر غازی نے اپنے خطاب اور اپنی تحریر میں اسلامی علوم وفنون کی بنیاد علم حدیث کو قرار دیا ہے اس میں ایک اہم فن علم کلام ہے علم کلام وہ علم یا فن ہے جو اسلام کے بنیادی عقائد کی تشریح کرتا ہے اور عقلی دلائل کی بنیاد پر اسلام کے عقائد کو دوسرے عقائد ونظریات پر برتر ثابت کرتا ہے علم کلام کا آغاز جن مسائل سے ہوا وہ مسائل علم حدیث اور سنت میں بیان ہوئے ہیں۔ جب ایسی احادیث پر تحقیق ہوئی جن میں عقائد بیان ہوئے ہیں اس تحقیق کی روشنی میں علم کلام نے جنم لیا۔ اور ڈاکٹر غازی یہاں ایک مثال سے وضاحت کرتے ہیں کہ مسلمان ہونے کے لئے ضروری ہے کہ اللہ اور اس کے

رسول ﷺ، ملائکہ، کتب پر ایمان لایا جائے یعنی مسلمان ہونے کے لئے ایمان ایک ضروری شرط ہے۔ لیکن یہاں سوال یہ پیدا ہوا کہ ایمان کیا ہے؟ اس کی کیا حقیقت ہے؟ مزید یہ کہ کیا ایمان میں کمی بیشی ممکن ہے؟ یہاں سے یہ اختلاف پیدا ہوا بعض حضرات کے نزدیک ایمان میں کمی بیشی ممکن نہیں جبکہ بعض حضرات اس نظریہ کے حق میں ہیں کہ ایمان میں کمی بیشی ممکن ہے اس لئے کہ قرآن پاک میں کئی جگہ ارشاد ہے زادتھم ایمانا ان کا ایمان بڑھ جاتا ہے یعنی نزول قرآن کی طرف اشارہ ہے کہ جب کوئی نئی آیت نازل ہوتی تو مومنین کے ایمان کا درجہ بلند ہو جاتا۔ اس پہلو پر محدثین کے درمیان طویل بحث مباحثہ کا سلسلہ شروع ہوا۔ جو لوگ ایمان کی کمی بیشی کے حق میں نہیں ہیں یہاں ایمان کی کمیت میں کمی بیشی کا نہ ہونا مراد لیتے ہیں یعنی ایمان کا کم از کم تقاضا ہے کہ اللہ کو اس کے رسولوں کو، کتب وغیرہ کو ماننا اگر اس میں کمی ہو جائے تو آپ مسلمان ہی نہیں۔ لیکن دوسرا طبقہ جو ایمان کی کمی بیشی کے حق میں دلائل دیتا ہے وہاں ان کی مراد ایمان کے میعار میں کمی بیشی ہے۔ اس موضوع پر جب فلسفیانہ اسلوب اختیار کیا گیا تو علم کلام کا آغاز ہوا۔

ڈاکٹر غازی کے مطابق اہل علم جنہوں نے ابتداء میں ایسے سوالات اٹھائے وہ محدثین تھے۔ مثلاً امام بخاریؒ، امام احمد بن حنبلؒ وغیرہ (۴)

۳) حدیث اور فقہ:

ڈاکٹر غازی جہاں حدیث اور علم حدیث کے ماہر ہیں وہاں وہ ایک ممتاز فقیہ بھی ہیں مختلف مجالس میں اسلامی فقہ کے موضوع پر درس دیا کرتے تھے آپ نے دلائل کے ذریعے ثابت کیا کہ حدیث اور فقہ دونوں لازم و ملزوم علوم ہیں ان کو الگ نہیں کیا جا سکتا۔ فقہ شرعی قوانین کے علم کا نام ہے جو ان کے تفصیلی دلائل سے حاصل ہوں۔ گویا قرآن وسنت کی ان نصوص کو جو انسان کی عملی زندگی کی تشکیل کرتے ہیں ان کا فہم و ادراک حاصل کرنا فقہ کہلاتا ہے۔ اس فہم و فراست سے جو ہدایات اور راہنمائی حاصل ہوتی ہے اس سے ایک نیا فن وجود میں آتا ہے۔ جسکی بنیاد علم حدیث ہے۔ قرآن پاک میں تمام احکام اجمالاً بیان ہوئے ہیں لیکن ان کی تشریح احادیث مبارکہ میں ہے نماز، روزہ، زکوٰۃ اور مناسک حج کی تفصیلات حدیث میں ذکر ہیں اسی طرح معاملات کی وضاحت بھی احادیث میں آئی ہے۔

علم فقہ کا ایک اور ذیلی مضمون اصول فقہ ہے یعنی وہ بنیادی اصول جن میں شرعی احکام سے بحث ہوتی ہے جو شرعی ماخذ سے اخذ کیے گئے ہوں اصول فقہ کا مقصد ایسے قواعد وضوابط تیار کرنا ہے جن کے ذریعے احکام تک رسائی حاصل ہو در حقیقت علم حدیث کے بیان کردہ احکام سے اصول فقہ کی داغ

بیل پڑی ہے۔

بقول ڈاکٹر غازیؒ ’’علم حدیث اس بنوغ اورعبقریت کا نمونہ ہے کہ جس میں معلومات اور معاملات کی وسعت پر دارومدار ہو۔ اور اصول فقہ اس بنوغ اور عبقریت کا نمونہ ہے جس میں تخلیقی صلاحیتیں اور نئے افکار ونظریات کو سامنے لانے پر معاملات کی بنیاد ہو۔ علم اصول فقہ نے علم کلام سے کہیں زیادہ عقل ونقل کے درمیان تطبیق پیدا کی ہے اور عقل ونقل کے درمیان توازن پیدا کیا ہے‘‘(۵)

۴) علم تاریخ:

جب سے دنیا کا ظہور ہوا علم تاریخ کا تصور بھی ابھرنے لگا اسلام سے پہلے فن تاریخ پر کچھ لکھا گیا بے شمار کتب تصنیف کی گئیں لیکن تاریخ کا مفہوم بہت محدود اور سطحی نوعیت کا تھا کسی قوم، قبیلے یا معاشرے کے بارے میں قصے کہانیاں جمع کرنا تاریخ کے زمرے میں آتا تھا کسی قسم کا احتسابی نظام نہ تھا کہ اس تاریخ کا ماخذ کیا ہے؟ ان روایات کو بیان کرنے والا کون ہے؟ اور یہ کہانیاں کس حد تک مستند ہیں؟ اوران میں جھوٹ وتعصب کی آمیزش کس قدر ہے؟

اقوام عالم میں تاریخ کا تصور بہت قدیم ہے یونانی، ہندوستانی اور رومی اقوام قدیم ترین تصور کی جاتی ہیں علم تاریخ میں ان اقوام کی شمولیت ضرور ہے لیکن تاریخ کا صحیح تصور اور شعور جو مسلمانوں کے علاوہ دوسری قوموں کو بھی میسر ہوا، وہ علم حدیث کے مرہون منت ہے۔

ڈاکٹر غازی رقمطراز ہیں:

> ’’علم حدیث نے سب سے پہلے لوگوں کو یہ تصور دیا کہ جب کوئی واقعہ بیان کروتو پہلے خود یہ اطمینان کرلواور پھر دوسرں کو یہ اطمینان دلاؤ کہ تم اس واقعہ کے عینی شاہد ہو اگر عینی شاہد نہیں تو جو عینی شاہد تھا اس کا حوالہ دو کہ مجھ سے فلاں شخص نے بیان کیا جو عینی شاہد تھا پھر اس بات کا یقین دلاؤ کہ تم جس واقعہ کو بیان کر رہے ہو اس کو بیان کرنے میں تمہارا کوئی ذاتی مفاد نہیں ہے‘‘(۶)۔ تاریخ کے مضمون میں یہ تصورات مسلمان قوم کے تخلیق کردہ ہیں اسلامی علوم وفنون میں یہ اصول پیدا ہوئے اور مسلمان مورخین نے مسلمانوں کی تاریخ میں یہ اصول عملی طور پر استعمال کئے علم حدیث کا یہ ایک بڑا معرکہ ہے تاریخ نویسی کو سب سے پہلے علامہ سخاوی نے متعارف کرایا جو ایک محدث تھے ان کی کتاب
>
> ’’۔ الاعلان بالتو بیح بمن ذم اھل التاریخ ‘‘

علم تاریخ میں ایک مستند تصنیف ہے جس میں مصنف نے تاریخ نویسی کے قواعد وضوابط مدون کئے جو کہ علم حدیث سے ماخوذ ہیں (۷)

۵) حدیث قدسیہ اور قرآن مجید میں فرق:

حدیث کے موضوع پر ڈاکٹر غازیؒ کا ایک اور اہم کام احادیث قدسیہ کا بیان ہے اس موضوع پر آپ نے اپنا نقطہ نظر بہترین اسلوب میں پیش کیا ہے۔

وحی کی دو اقسام ذکر کی گئی ہیں وحی متلو جسے وحی جلی بھی کہا جاتا ہے اس کی عبارت اور کلمات اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں یہ وہ وحی ہے جس کے الفاظ معجزہ ہیں دوسری قسم وحی غیر متلو یا وحی خفی ہے جس کے الفاظ متعین نہیں ہوتے صرف معنی ومفہوم رسول اللہ ﷺ تک منتقل ہوتا ہے لیکن الفاظ حضور ﷺ کے ہوتے ہیں اسی کی طرف قرآن نے اشارہ کیا ہے

وما ینطق عن الھوی(۸)

وحی مخفی کو حدیث یا سنت کا نام دیا گیا۔ وحی مخفی میں ایک خاص قسم وہ ہے جو باقی احادیث سے مختلف اور منفرد مقام رکھتی ہے اس کو حدیث قدسی کہا جاتا ہے یہ بھی درحقیقت اللہ تعالیٰ کا کلام ہوتا ہے لیکن رسول اللہ ﷺ کی زبان مبارک سے ادا ہوتا ہے چونکہ یہاں الفاظ رسول اللہ ﷺ کے ہوتے ہیں لہذا اس وحی کو قرآن پاک میں شامل نہیں کیا جاتا اور نہ ہی اسکی تلاوت ہوتی ہے۔

ارشاد ربانی اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضور ﷺ نے صیغہ واحد متکلم میں ارشاد فرمایا ہو، یہ حدیث، حدیث قدسی کہلاتی ہے۔

احادیث کے مجموعے جو ہمارے ہاں دستیاب ہیں ان میں احادیث کی تعداد ہزاروں میں ہے لیکن احادیث قدسیہ کی تعداد چند سو سے زائد نہیں احادیث کے کچھ مجموعے ایسے بھی ہیں جن میں صرف احادیث قدسیہ کو شامل کیا گیا ہے۔ان احادیث میں بیک وقت دونوں خواص پائے جاتے ہیں یعنی ایک طرف قرآن پاک سے مشابہت رکھتی ہیں کیونکہ یہ اللہ کا کلام ہے اور براہِ راست اللہ تعالیٰ کی ذات مخاطب ہے تو دوسری طرف ان کی مشابہت احادیث مبارکہ سے ہے کیونکہ الفاظ رسول اللہ ﷺ کے ہیں۔

ڈاکٹر غازیؒ نے قرآن مجید اور احادیث قدسیہ میں چند بنیادی فروق کی نشاندہی کی ہے۔

۱۔ قرآن پاک کے الفاظ اور عبارت اپنی فصاحت و بلاغت اور بلند معیار کی بنا پر ایک معجزہ ہے جبکہ یہ عنصر احادیث قدسیہ کے لئے ضروری نہیں۔

۲۔ قرآن مجید کی روایت بالمعنی جائز نہیں بلکہ یہ حرام ہے۔لیکن حدیث قدسیہ کے لئے افضل تو یہ

ہے کہ وہی الفاظ بیان کئے جائیں ۔لیکن روایت بالمعنی جائز ہے حرام نہیں ہے۔قرآن مجید کے مفہوم کو اپنے لفظوں میں بیان کر دینا اور یوں کہنا کے اللہ تعالیٰ نے یوں ارشاد فرمایا، جائز نہیں ہے۔ دوسری طرف حدیث قدسیہ کو اس اسلوب میں بیان کرنا جائز ہے۔

۳۔ قرآن مجید کی تلاوت کے لئے ضروری ہے کہ آدمی باوضو ہو، جس شخص پر غسل واجب ہو وہ اس کی تلاوت نہیں کر سکتا لیکن حدیث قدسیہ کے لئے یہ شرط نہیں ہے لیکن ادب واحترام کا تقاضا ہے کہ باوضو ہو کر احادیث کو پڑھے۔امام مالکؒ کے بارے میں ہے کہ آپ بہت زیادہ اہتمام کے ساتھ درس حدیث دیا کرتے جس مکان میں درس ہوتا تھا وہاں خوشبو بکھیری جاتی، سفید چادریں بچھائی جاتی تھیں۔

۴۔ نماز میں قرآن مجید کی تلاوت فرض ہے لیکن حدیث قدسی کی تلاوت نماز میں جائز نہیں اگر کوئی شخص نماز میں حدیث قدسی پڑھ لے تو تلاوت کا رکن جو فرض یا واجب ہے وہ ادا نہ ہوگا۔

۵۔ قرآن پاک کی تلاوت باعث اجر وثواب ہے اس کی ترغیب کے لئے فرمایا گیا ہے کہ جو شخص ایک حرف کی تلاوت کرتا ہے اس کے لئے دس نیکیاں ہیں الم تین حروف ہیں ان کی تلاوت سے تیس نیکیاں ہیں۔ یہ خصوصیت صرف قرآن پاک کیلئے مختص ہے حدیث قدسی کے لئے اس قدر اجر وثواب کی بشارت نہیں سنائی گئی۔

۶۔ قرآن پاک وحی جلی ہے جبکہ حدیث قدسی وحی خفی ہے۔

۷۔ قرآن پاک کا نزول جبرائیل امینؑ کے ذریعے جبکہ حدیث قدسی کسی بھی طریقہ سے آسکتی تھی۔ بعض اوقات جبرائیل امینؑ کے ذریعے نازل ہوئی۔بعض اوقات حضورﷺ نے خواب میں کوئی چیز دیکھی، یا اللہ تعالیٰ نے کسی بات کا خیال دل میں ڈال دیا۔

۸۔ قرآن پاک وحی متلو ہے جس کی تلاوت ہوتی ہے لیکن حدیث قدسی وحی غیر متلو ہے جس کی تلاوت نہیں ہوتی۔

۹۔ قرآن پاک کے الفاظ متواتر ہیں ضروری نہیں کہ حدیث قدسی کے الفاظ بھی متواتر ہوں کچھ احادیث قدسیہ متواتر ہیں لیکن اکثر متواتر نہیں ہیں۔

۱۰۔ قرآن پاک مصاحف میں محفوظ ہے اور یکجا ہے جبکہ احادیث قدسیہ کسی ایک مجموعہ میں یکجا نہیں ہیں(۹)۔

٦) علمِ حدیث دورِ جدید میں:

ہر دور کے اپنے مسائل ہوتے ہیں۔ضروریات الگ ہوتی ہیں۔آج دنیا ایک گلوبل ویلج کی شکل اختیار کر چکی ہے۔انسان نے جہاں ہر میدان میں ترقی کی نئی راہیں دریافت کی ہیں وہاں نئے نئے مسائل نے بھی جنم لیا ہے۔ نئے مسائل کے حل کے لیے حدیث اور علمِ حدیث کی از سرِ نو تدوین ضروری ہے۔ڈاکٹر غازیؒ نے اس پہلو کی نشاندہی کی۔

عہدِ رسالتؐ سے لیکر آج کے برق رفتار ترقی کے دور تک علمِ حدیث کی مختلف جہات پر گرانقدر خدمات سرانجام دی گئیں۔چونکہ علمِ حدیث ایک وسیع علم ہے لہٰذا اس کی وسعتوں کا احاطہ کرنا کسی مخصوص زمانہ تک محدود نہیں اور زمانہ کے بدلتے ہوئے رجحانات کے پیشِ نظر علمِ حدیث کا نئے اسلوب میں مطالعہ ضروری ہو جاتا ہے ان سطور میں راقم الحروف نے ڈاکٹر غازیؒ کے افکار کی روشنی میں علمِ حدیث کے ان گوشوں کو اجاگر کرنے کی کوشش کی ہے جن میں ابھی زیادہ کام نہیں ہوا اور تحقیق وجستجو سے نئے افق پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔

۷) احادیث کے حوالے سے گذشتہ مذاہب کا مطالعہ:

احادیث کے مطالعہ سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ مختلف مقامات پر سابقہ اقوام، سابقہ انبیاء اور سابقہ کتب کا ذکر ہے۔آنحضرتؐ نے اپنے ارشادات میں مختلف الہامی کتب کے بیانات کا ذکر کیا ہے۔چنانچہ آج ہم اسمیں افراط وتفریط سے کام لیا گیا ہے یہاں اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ یہود ونصاریٰ نے اپنی کتابوں میں من پسند تبدیلیاں کر لی ہیں۔ان شواہد کی بناء پر مطالعہ مذاہب اور مذاہب کی تاریخ پر ایک علمی وتحقیقی کام کرنے کی نئی جہت کا تعین ہوتا ہے۔ان الہامی کتابوں تورات وانجیل میں جب کوئی حوالہ ملتا ہے تو اس بات کا اندازہ ہو جاتا ہے کہ کس حد تک ان میں تحریف کی گئی اور کتنی مماثلت پائی جاتی ہے اور اس تحریف میں کیا مقاصد کارفرما تھے۔مطالعہ مذاہب کے ذریعے ان پہلوؤں کی بھی نشاندہی ہوتی ہے جن میں مذاہب کی وہ تعلیمات جو اللہ تعالیٰ اور انبیاء کی طرف سے تھیں لیکن ان میں تحریفات کی گئیں۔ان کا واضح ثبوت حدیث مبارکہ سے ملتا ہے۔یوں علمِ حدیث میں ایک نئے باب کا اضافہ ممکن ہے ڈاکٹر غازیؒ کا یہی نظریہ ہے کہ اس اسلوب پر کام کرنے سے دنیا کی دوسری اقوام کے سامنے بھی مطالعہ کی ایک نئی راہ روشن ہوتی ہے۔جس سے وہ استفادہ کر سکتے ہیں۔

۸) حدیث کا سائنسی مطالعہ:

حدیث کا ایک نیا پہلو ایسا بھی ہے جو سائنسی مطالعہ سے مطابقت رکھتا ہے۔حدیث کی کتب کو سائنسی کتب قرار دینا دراصل حدیثِ نبویؐ کی قدر و منزلت کو کم کرنے کے مترادف ہے۔احادیث ان الفاظ پر مشتمل ہیں جو رسول اللہؐ کی زبانِ اطہر سے ادا ہوئے۔ان کی ثقاہت کسی بھی انسانی علم سے بہت بلند معیار کی حامل ہے۔لہٰذا ان ارشادات کو سائنس یا طب کے مشابہ قرار دینا کم عقلی ہے۔البتہ کتبِ حدیث کے مطالعہ سے ایسے نکات سامنے آتے ہیں جن کو رسول اللہؐ نے آج سے چودہ صدیاں پہلے انسانی صحت کے اصول قرار دیا۔آج جب انسان برق رفتاری سے پیش قدمی کر رہا ہے سائنسی علوم عروج پر ہیں۔دنیا کی مختلف قومیں سائنس کے میدان میں ایکدوسرے پر سبقت کی دعویدار ہیں۔ہر گزرتا ہوا دن انکشافات و ایجادات سے پردہ ہٹا رہا ہے۔ اُترتا ہوا ہر غلاف اسلام کی ابدی صداقت اور حقانیت کا اعلان کر رہا ہے اور یہ ایک حقیقت ہے کہ اسلام نے اسرارِ فطرت اور رموزِ کائنات سے آشنائی حاصل کرنے کی تاکید کی ہے۔اسکی مثال کسی اور مذہب میں نہیں ملتی۔لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ دورِ حاضر میں علمِ حدیث کا سائنسی اسلوب پر مطالعہ کے ذریعے سائنس کے نئے گوشوں کو سامنے لایا جائے۔تاکہ سائنس دانوں پر یہ بات عیاں ہوجائے کہ دنیائے طِب کے عظیم طبیبؐ نے آج سے چودہ سو سال قبل جو اصول متعین کیے تھے آج وہ سائنس کے میدان پر بھی پورے اترتے ہیں۔ ڈاکٹر غازیؒ نے حدیث کے سائنسی مطالعہ کے دو واقعات نقل کر کے علمِ حدیث کے اس پہلو میں رہنمائی فراہم کی ہے۔پہلی حدیث جس کا ذکر ڈاکٹر غازی نے کیا وہ صحیح بخاری کی حدیث ہے کہ جب کھانے میں مکھی گر جائے تو آپؐ نے فرمایا اس کو اندر پورا ڈبو کر نکال لو کیونکہ مکھی کے ایک پر میں بیماری اور دوسرے پر میں شفا ہوتی ہے۔ دوسری حدیث جس ذکر ہے وہ بھی صحیح بخاری کی ایک حدیث ہے۔جس کا مفہوم ہے کہ رسول اللہؐ نے ایک قبیلہ بنی عرینہ کے لوگوں کو جو ایک موذی مرض میں مبتلا ہو گئے تھے اونٹ کا دودھ اور پیشاب پینے کا کہا تھا۔ان لوگوں نے اس نسخہ پر عمل کیا اور شفایاب ہو گئے۔ڈاکٹر محمود غازیؒ نے ان احادیث پر ڈاکٹر مورس بکائی اور ڈاکٹر حمیداللہ کے مابین ہونیوالی بحث و تمحیص کا ذکر کیا(۱۰)۔

احادیث کے سائنسی مطالعہ کا آغاز اہلِ مغرب میں ہو چکا ہے اور نئے نئے تجربات کی بنا پر اسلام کی حقانیت عیاں ہو رہی ہے اسی عنوان کے تحت چند احادیث مبارکہ کا سائنسی مطالعہ نفع سے خالی نہ ہوگا۔

۱۔ کھانے کے بعد انگلیاں چاٹنا:

ایک حدیث میں کھانے کے بعد انگلیاں چاٹنے کا حکم ہے۔

جبکہ اہلِ مغرب اور مغربی کلچر سے متاثر بعض مسلمان اس عمل کو معیوب اور غیر صحت مند قرار دیتے ہیں اور اسے نشانہ تنقید بناتے ہیں۔ جدید تحقیق کے مطابق جرمنی کے طبی ماہرین طویل تحقیق اور تجربات سے اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ انسان کی انگلیوں کے پوروں پر ایک قسم کی پروٹین پائی جاتی ہے جو مختلف بیماریوں کیخلاف قوتِ مدافعت فراہم کرتی ہے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ یہ پروٹین نہ ہوتی تو بچوں میں ہیضہ، دست اور قے کی بیماریاں بہت زیادہ ہوتیں (۱۱)۔

۲۔ طاعون زدہ علاقوں سے نقل مکانی کی ممانعت:

رسول اللہؐ کی ایک حدیث کا مفہوم ہے۔ آپؐ نے فرمایا "طاعون ایک عذاب ہے جو بنی اسرئیل کے ایک گروہ یا تم سے قبل لوگوں پر نازل ہوا۔ جب تم سنو کہ کسی علاقے میں طاعون ہے تو وہاں نہ جاؤ اور جب وہ اس علاقے میں آجائے جہاں تم مقیم ہو تو اس علاقہ سے مت بھاگو۔" (۱۲)

رسول اللہؐ نے طاعون کے علاقہ کے بارے میں جو احتیاطی تدابیر تجویز فرمائی ہیں ان میں سائنسی اعتبار سے کئی حکمتیں پوشیدہ ہیں۔ جدید سائنسی تحقیق نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ انسانی جسم میں مضر مادے ہوتے ہیں جو نقل وحرکت سے جسم میں کئی بیماریوں کا موجب بن سکتے ہیں۔ لہٰذا طاعون کے حملہ کی صورت میں وہاں ٹھہرنے میں بہتری ہے تاکہ مضر مادے متحرک نہ ہوں۔ ان احادیث کے مطالعہ سے اس بات کی ضرورت واہمیت کا اندازہ ہوتا ہے کہ احادیث کا سائنسی مطالعہ کس قدر اہم ہے۔

۳۔ احادیث کی کمپیوٹرائزیشن:

عصرِ حاضر میں سائنس نے جہاں مختلف شعبہ جات میں انقلاب برپا کیا وہاں انفارمیشن ٹیکنالوجی کے میدان میں بے پناہ کارنامے سرانجام دیے۔ اس عروج سے استفادہ کرتے ہوئے تمام شعبہ ہائے زندگی نے اپنے دائرے کو وسیع کیا۔ چنانچہ اسی رجحان کے پیشِ نظر علمِ حدیث کے ماہرین نے بھی جدید ٹیکنالوجی کو استعمال کرتے ہوئے اس فن کو نئے انداز سے پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی میں کمپیوٹر اور انٹرنیٹ بنیادی ذرائع ہیں۔ دنیا کے ہر خطے میں ان کا استعمال اس کثرت سے ہے کہ یہ آج کی بنیادی ضرورت بن گئے ہیں۔ لہٰذا ان ذرائع کو استعمال کرتے ہوئے علم حدیث کے احیاء اور ترویج کو زیادہ موثر بنانے کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں کچھ کام ہوا لیکن یہ نامکمل

ہے۔حدیث کی کمپیوٹرائزیشن پر جو کام ہوا اس میں ایک جامع ڈیٹا بیس بنایا گیا جس میں احادیث کو درج کر کے اس کی فنی حیثیت اور دیگر امور سے بحث کی گئی ہے۔مختلف راویوں کی روایت کردہ روایات کو الگ الگ فنی طریقہ سے محفوظ کیا گیا۔کسی بھی راوی کی احادیث کو تلاش کرنا آسان ہو گیا ہے۔

ڈاکٹر غازیؒ نے اس سلسلہ میں سفارشات مرتب کی ہیں کہ تمام بنیادی ماخذ کو کمپیوٹرائز کیا جائے۔جدید ترین سافٹ وئیر اور سرچ انجنز متعارف کرائیں جائیں۔جن میں احادیث کی کتب اور ان کی ہر زبان میں مدون شروح کو نشر کیا جائے احادیث کے عنوان اور نمبرز کو بھی انٹرنیٹ کے ذریعے ڈسپلے کیا جائے تا کہ تلاش میں دشواری نہ آئے۔یہ کام وہی شخص کر سکتا ہے جو علمِ حدیث کے ساتھ ساتھ کمپیوٹر پروگرامنگ پر بھی دسترس رکھتا ہو۔ڈاکٹر غازی جرح وتعدیل کی کمپیوٹرائیزیشن کے بارے میں اپنا نقطہ نظر یوں بیان کرتے ہیں:

> ''جرح وتعدیل کا مواد جو لاکھوں صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔اس میں سے انتخاب کرنا اور اس کا درجہ متعین کرنا، پھر اسکو فیڈ کر کے اسکے نتائج کمپیوٹر سے لیے جائیں پھر حدیث کا ضعف، صحت اور حسن میں جو درجہ ہے یہ سارا کام کمپیوٹرائز ہونا ابھی باقی ہے اور اس میں وقت لگے گا۔''(۱۳)

علم جرح وتعدیل ڈاکٹر غازیؒ کی نظر میں:

ڈاکٹر غازیؒ نے جرح وتعدیل کو قرآن وسنت سے مدلل حوالہ جات سے ثابت کیا ہے علم حدیث کے موضوع پر یہ ایک قابل قدر اضافہ ہے۔قرآن مجید اور سنت رسول اللہ ﷺ میں اس بات کی تاکید کی گئی ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے جو بات یا واقعہ منسوب کیا جائے، سامعین کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ مکمل تحقیق وتفتیش سے کام لیں اور اطمینان کریں کہ جو بات بیان کی جارہی ہے وہ واقعتاً رسول اللہ ﷺ کا ارشاد مبارک ہے یا نہیں۔ اس کی ضرورت واہمیت اس پہلو سے بھی عیاں کہ قیامت تک آنے والے مسلمان کو شرح صدر کے ساتھ بات معلوم ہو جائے کہ آقا نامدار ﷺ نے اس کے لئے کیا بات ارشاد فرمائی اسی طرح ان احکام کی بھی تشریح ہو جائے جو کلام پاک میں اجمالاً ذکر ہوئے مثلاً جائز ناجائز، حلال حرام کا تصور واضح ہو جائے۔ اس اصول کو قرآن نے یوں بیان کیا۔

اذا جاء کم فاسق بنباءٍ فتبینوا (۱۴)

جب کوئی فاسق شخص تمہارے پاس کوئی خبر لے کر آئے تو اس کی تحقیق کر لو

اس آیت مبارکہ میں واضح کیا گیا ہے کہ اگر کوئی غیر معتبر شخص کوئی اہم بات ذکر کرے تو اس کی چھان بین کر لیا کرو۔اسی تصور کو مزید اجاگر کرنے کے لیے ڈاکٹر غازی نے ایک اور آیت مبارکہ کا

ذکر کیا ہے۔

اِذا جاء کم المومنات المهاجرات فا متحنوهن (۱۵)

ترجمہ:۔ جب تمہارے پاس مومن عورتیں ہجرت کر کے آئیں تو ان کو آزما کر دیکھو۔

قرآن مجید کی ان آیاتِ کریمہ سے احادیث مبارکہ کے سند اور متن کی تحقیق کا اصول اخذ ہوتا ہے۔

ان قواعد وضوابط کو احادیث میں بھی دیکھا جا سکتا ہے۔

صحابہ کرامؓ نے احادیث کے متن وسند کی تدوین میں انتہائی احتیاط سے کام لیا۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ کے بارے میں تمام محدثین وفقہا نے تصدیق کی ہے کہ وہ پہلی شخصیت ہیں جنھوں نے احادیث کے معاملہ میں روایت ودراست اور جرح وتعدیل کے تصور کو متعارف کرایا۔ عہدِ صدیقیؓ میں جو لوگ احادیث بیان کرتے تھے وہ سب کے سب صحابہ کرامؓ ہی تھے اور ان حضرات سے کسی غلط بیانی (نعوذ باللہ) کا امکان بھی نہ تھا۔ اس کے باوجود صدیقِ اکبرؓ نے یہ روش اختیار کر کے بعد کے زمانہکے محدثین کے لیے ایک مثال قائم کی اس اہتمام کا بنیادی سبب یہی تھا کہ رسول اللہؐ کے ارشادات کو مدّون کرنے میں کسی قسم کی آمیزش کی گنجائش باقی نہ رہے حضرت ابو بکرؓ نے کئی مواقع پر حدیث کی سند کو فوراً قبول کرنے سے اپنے تحفظات کا ذکر کیا اور تحقیق کے طور پر کسی دوسرے صحابی کی گواہی کو ضروری سمجھا۔ ایک دادی حضرت ابو بکرؓ کے پاس اپنے پوتے کی میراث سے حصہ مانگنے آئی آپؓ نے فرمایا کہ اللہ کی کتاب میں تیرے لیے حصہ مقرر نہیں اور نہ ہی رسول اللہؐ سے اس باب میں کوئی حدیث سنی ہے تو واپس چلی جا میں لوگوں سے پوچھ کر بتاؤں گا۔ ابو بکر صدیقؓ نے لوگوں سے پوچھا تو مغیرہ بن شعبہؓ نے کہا میں اس وقت موجود تھا میرے سامنے رسول اللہؐ نے دادیکو چھٹا حصہ دلایا۔ ابو بکر صدیقؓ نے فرمایا اور آدمی بھی تمہارے ساتھ ہے۔ تو محمد بن مسلمہ انصاریؓ نے کھڑے ہو کر کہا جیسا مغیرہ بن شعبہؓ نے کہا ویسا بیان کیا تو حضرت ابو بکرؓ نے پوتے کی میراث سے چھٹہ حصہ دلایا۔

احادیث مبارکہ کے سلسہ میں حضرت عمر فاروقؓ کا بھی یہی معمول تھا۔ آپؓ کا بھی یہی موَقف تھا کہ اگر ہم آسانی سے احادیث کو قبول کر لیں تو لوگوں میں یہ جرأت پیدا ہو جائے گی کہ رسول اللہؐ کے ارشادات کو معمولی سمجھنے لگیں گے۔ حضرت علیؓ سے جب کوئی شخص حدیث بیان کرتا آپؓ اس کی تصدیق کے لیے اس شخص سے قسم لیا کرتے تھے صحابہ کرامؓ حدیث کے معاملہ میں تحریری شہادت کو مستند نہیں سمجھتے تھے کیونکہ ایک تحریر دوسری تحریر کے مشابہ ہو سکتی ہے ڈاکٹر غازی لکھتے ہیں:

"اگر مدینہ منورہ سے کوفہ میں کسی صحابیؓ کے نام کوئی خط گیا کہ رسول اللہؐ نے یہ بات ارشاد فرمائی

تھی تو کوفہ میں بیٹھے ہوئے صحابیؓ کو کیسے پتہ چلے گا کہ یہ خط مدینہ منورہ میں فلاں صحابیؓ ہی نے بھیجا ہے یا کوفہ میں اگر کوئی صحابیؓ بیٹھے ہوں اور مصر میں کسی کے نام خط لکھیں کہ رسول اللہؐ نے یہ بات فرمائی تھی اور مجھ سے فلاں صحابی نے بیان کی تو اس کی تصدیق گا کہ یہ خط انہی صحابی کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے جن سے منسوب کیا جا رہا ہے۔ اسمیں غلط فہمی، ملاوٹ یا الجھن کا امکان بہرحال موجود تھا۔ اس لیے طے کیا گیا تھا کہ صرف تحریری دستاویز پر کوئی حدیث قبول نہ کی جائے گی'' (۱۶)۔

احادیث مبارکہ کی چھان بین کا یہ اسلوب صحابہ کرامؓ کے زمانہ تک جاری رہا لیکن یہ سنہری دور بھی آخر کار اختتام پذیر ہوا۔ اب وہ لوگ آئے جو صحابہ نہ تھے بلکہ ان حضرات کے شاگرد تھے۔ ان لوگوں کے تربیت یافتہ تھے وہ اخلاق و کردار کے اعلیٰ معیار پر فائز تھے۔ لہٰذا احادیث کے معاملے میں تحقیق و جستجو کی ضرورت پہلے سے زیادہ شدت سے محسوس ہونے لگی۔ حدیث کے سیاق و سباق اور مفہوم کو سمجھنے کے لیے علمِ جرح و تعدیل اور روایت و درایت کو دین کا حصہ قرار دیا جانے لگا کیونکہ اسناد کی تصدیق کے بغیر رسول اللہؐ کے ارشادات کو سمجھنے میں غلط فہمی اور آمیزش کا اندیشہ موجود رہتا۔ اسی خدشہ کی بناء پر محدثینِ کرام نے اس عمل کو ضروری قرار دیا کیونکہ

مالا یتم الواجب الا بہ فھو واجب (۱۷)

ترجمہ:۔ جس چیز پر کسی واجب کا دارومدار ہو وہ چیز بھی واجب ہو جاتی ہے۔

محدثین حالات و واقعات کے نقل کرنے میں کسی شخص کے رتبے یا حیثیت سے متاثر نہیں ہوئے۔ بادشاہوں، وزیروں، مشیروں کی اخلاقی سراغ رسانیاں کیں تمام حقائق کو منظر عام پر لانے میں کوئی امر ان کو مانع نہ تھا راویوں کے اخلاق و کردار، عدالت، ثقاہت اور دیگر خصائص پر سیر حاصل بحث کی اس طریقہ سے کئی تصنیفات تیار ہوئیں مثلاً کتاب الجرح والتعدیل از امام عبدالرحمٰن بن حاتم رازی، تہذیب الکمال از علامہ مزی، تہذیب التہذیب از حافظ ابن حجر عسقلانی وغیرہ (۱۸)

جرح و تعدیل اور حسنِ ظن دو الگ الگ مباحث ہیں۔ ڈاکٹر غازیؒ کا نظریہ ہے کہ حدیث کے معاملے میں محض حسنِ ظن سے کام نہیں لینا چاہیے خوش گمانی کی بناء پر کسی کو عادل، ثقہ یا امانت دار نہیں قرار دیا جا سکتا، یہ رسول اللہؐ کی حدیث کا معاملہ ہے یہ دین کی ثقاہت کا معاملہ ہے۔ اس میں خطرہ مول نہیں لیا جا سکتا۔ اس میں انتہائی تحقیق سے کام لینا ہوگا۔

۹) تدوین حدیث غیر مسلموں کیلئے:

علمِ حدیث کے ذیل میں ڈاکٹر غازی نے ایک نئے باب کی نشاندہی کی ہے۔یعنی تدوین حدیث غیر مسلم کے لیے۔ڈاکٹر غازی کے مطابق آج تک جتنے حدیث کے ماخذ ہمارے ہاں دستیاب ہیں ان کے مخاطبین مسلمان تھے جو دین کے عقائد پر ایمان رکھتے ہیں۔سابقہ شارحین نے کلیات پر بحث نہیں کی صرف جزئیات کے جوابات دیے کیونکہ کلیات پر سوالات نہ ہوتے تھے۔لیکن عصرِ حاضر کی صورتِ حال مختلف ہے۔آج کے لوگ نہ تو اسلام کے کلیات کو مانتے ہیں اور نہ ہی جزئیات کو۔توحید، رسالت کے منکر ہیں۔وحی کو بطور ماخذِ علم ماننے سے تحفظات کا شکار ہیں۔پرانی شرحیں پرانے سیاق وسباق میں مرقوم تھیں۔ نئی شرحیں نئے سیاق وسباق میں مرقوم کرنے کی ضرورت ہے۔جن میں پہلے کلیات پر بحث کی جائے پھر جزئیات کو بیان کیا جائے۔

ڈاکٹر غازیؒ رقمطراز ہیں:

''جس طرح متن حدیث کو نئے انداز سے مرتب کرنے کی ضرورت ہے۔اسی طرح علمِ حدیث کی نئی شرحیں لکھنے کی بھی ضرورت ہے۔پرانی شرحوں کو ان کے نئے انداز میں پیش کرنے کا کام بھی ہوگا اور نئے مسائل کی نئی شرحیں اور نئے اعتراضات کے نئے جواب بھی ہوں گے'' (۱۹)

درج بالا سطور میں راقم نے ڈاکٹر غازیؒ کے افکار کا تحقیقی وعلمی اسلوب میں جائزہ پیش کیا ہے اور چند شروعات کی نشاندہی کی ہے جن پر ڈاکٹر محمود غازیؒ کے بقول کام ہونا باقی ہے۔اس طرح کے کئی میدان اور جہات ہوسکتی ہیں، جہاں علمِ حدیث کی روشنی میں مختلف گوشوں کو اجاگر کیا جاسکتا ہے۔اس طریقہ کار سے حدیث کے نئے افق ابھریں گے اور خدمتِ حدیث کا موقع میسر آئے گا۔

☆☆☆☆

حواشی وحوالہ جات

۱۔ غازی، محمود احمد، ڈاکٹر۔ محاضرات حدیث ،الفیصل پبلشرز لاہور، ص۔۲۴

۲۔ محاضرات حدیث ،ص ۴۸

۳۔ سیوطی، جلال الدین، تدریب الراوی، ج۱۔قدیمی کتب خانہ، کراچی، ص۹

۴۔

۵۔ محاضرات حدیث ،ص ۷۱

۶۔ محاضرات حدیث ،ص۷۲

۷۔ محاضرات حدیث ،ص ۷۳

۸۔ القرآن (۲:۵۳)

۹۔ محاضرات حدیث ،ص ۱۰۶، ۱۰۷

۱۰۔ محاضرات حدیث ،ص ۴۵۰

۱۱۔ ششماہی معارف اسلامی، جنوری تا جون ۲۰۱۱ء، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد، ص ۱۰۶

۱۲۔ امام مسلم، صحیح مسلم، کتاب الطب، باب طاعون، حدیث نمبر ۲۲۱۸

۱۳۔ محاضرات حدیث ،ص ۴۶۱

۱۴۔ القرآن (۶:۴۹)

۱۵۔ القرآن (۱۰:۶۰)

۱۶۔ محاضرات حدیث ،ص ۲۱۶ ۔

۱۷۔ محاضرات حدیث ،ص ۲۱۷

۱۸۔ شبلی نعمانیؒ، علامہ، سیرۃ النبی ﷺ ج ۱، دارالاشاعت، کراچی، ص ۳۸

۱۹۔ محاضرات حدیث ،ص۵۸

Majallah Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 33, Sr.No.89, 2012, pp 103 - 112

مجلّہ تحقیق
مجلّہ کلیہ علوم شرقیہ
جلد۳۳،اکتوبر۔دسمبر۲۰۱۲ء،شمارہ۸۹

1857ء دی جنگ وچ ڈھونڈواں دا حصہ

ظہیر حسن وٹو☆

Abstract:

Almost 150 years have past since the war of independence of 1857. During this period many foreigners and native scholars have interpreted it from different angels. Unfortunately no noted historian has produced a single work about Punjab. There is also no information regarding the tribes of Punjab which took part in the war of independence. In this article the contribution of **DHUND** tribe of **Murree** in war of independence has been highlighted for the first time. This article is of ample research importance in this regard.

برعظیم دی دولت جگ لئی صدیاں توں اوپری نہ ہائی۔ ایس بھوئیں دے کن نے ہمیشہ توں باہرلیاں قوماں نوں لِشک ماری۔ کول، بھیل، دراوڑ ہون یاں سکندر دا پنجاب تے مل مارن دا سُفنا، ایہناں سبھناں پچھے لوبھ ایتھوں دی دھرتی دا کن ای ہا۔ واہرواں کول ایس دھرتی نوں لُٹن دے دوراہ ہان، ہتھاں وچ ہتھ پا کے یاں ہتھ ملا کے۔ مارو تے ساکھڑو دی کونج تاں اج توڑی اساڈے کنیں پیندی ہے پر ہتھ ملا کے وپار راہیں ایس دھرتی نوں لُٹن آلیاں دا ساڈے کولوں کوئی پکے پیریں اُپا نہ ہویا۔ سکندر توں پچھوں ای یونانیاں تے روماناں نوں وی ایس دھرتی نال وپار دی سُندک ہائی۔

"The Greeks and Roman were well acquainted with Indian Merchandise."(1)

عرب وچ اسلام دا نور پھیلن نال عرباں آپدیاں سیئیاں موکلیاں کرن دے نال نال وپار نوں وی جگ پدھرتے کھلاریا۔ عربی وپاری مالا بارتوں چین تائیں اُٹھاں تے وپار کردے ہان۔ اوہ ہندوستان دے گرم مصالحے، انملے پتھر تے ریشم نوں یورپ دیاں منڈیاں تیکر اپڑاندے۔ ایہناں شیواں نے یورپ دی اکھ وچ بھُکھ ودھا دتی تے یورپ نے سمندراں راہیں ہندوستان لبھن دے جتن کیتے۔

☆ لیکچرر، گورنمنٹ کالج ٹاؤن شپ لاہور

"And just about this time, while the riches of India violently attracted the attention of Europe, and while the merchant bourgeoisie of several European states were striving to destroy the monopoly of Venice and Genoa in Eastern Trade, the old routes for conductions this trade was seriously threatened." (2)

پندرھویں صدی دے اخیر تے واسکوڈے گاما دے گرم مصالحیاں دی بھال وچ ہندوستان اپڑن نال پرتگالیاں لئی راہ کُھل گئے۔ اوہناں آپدی اکھ وپار تائیں ای رکھی تے سمندر نال ای کجھ وستیاں بنھن توں اگے نہ ودھے۔

ہندوستان وچ پرتگالیاں دے ساہ پورے کرن لئی نائیدر لینڈ دی یونائیٹڈ ایسٹ انڈیا کمپنی نے پیر رکھیا تے چھیتی ای پرتگالیاں دیاں وستیاں تے چھا گئی۔

رام کرشن مکھرجی لکھدے نیں:۔

"The enter deep into the interior of the lower Ganges Valley; and in 1658 they also got possession of the last Portuguese settlement in Ceylon." (3)

انگریزاں نے وی ہندوستان نال وپار دے جتن پرتگالیاں توں مگروں چھیتی ای شروع کر دتے ہان۔ انگریز وپاری رابرٹ تھورن ہندوستان نال پرتگالیاں دے وپاری سنگ راہیں چوکھی وٹک دی بھُنک رکھدا ہا۔ اوہ ہنری ہشتم توں تھاپڑا لے کے ہندوستان دے وپار دی سُندک تے نکلیا پر سپھل نہ ہوسکیا۔

"Two voyages were thus made during the reign of Henry VIII, one about 1527 and other ten years later; but both of them ended in failure." (4)

اِیتن تائیں انگریز لگ بھگ سارے ہندوستان تے قبضہ کیتی بیٹھا ہا۔ اک مارو سرکار دا رعیت نال کیہو جیہا ورتا ہوسی؟ ایہہ گل سمجھن اوکھی نہیں۔ بنگال وچ کساناں دا ہاڑی ساوݨی لئی لہو سُک جاندا پر نت دیہاڑے ودھدے ہالے نے اوہناں دے پِنڈے تے رت نہ آون دتی۔ مول نالوں ویاج ودھدا گیا۔ اجیہی حالت وچ پئے کال نے بنگال دی ہور وی رڑی کڈھ دتی۔ منڈیاں وچ انگریزی شیواں دی وکری پاروں بنگالی کاریگر تے کامے ویہلے ہو گئے۔ مقامی نواباں تے راجیاں دیاں پگاں گل وچ آ پئیاں۔ اوہ لوک جیہناں دی مغل دربار وچ اک اُچیچی تھاں ہوندی ہائی جیس کارن اوہ وسیب دے لوکاں لئی چھاں ہوندے ہان، ہن اوہناں لئی گورے کولوں آپدی پت بچانی اوکھی ہا۔ کمپنی دی
